# سالانہ رپورٹ

## مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور

و

## منسلک انجمنیں

برائے سال 2002ء۔2003ء

مرتب:

محمود عالم میاں

© rasailojaraid.com
© rasailojaraid.com
© rasailojaraid.com

# اشاریہ (INDEX)


| | |
|---|---|
| پیش لفظ | 29 |
| مرکزی انجمن کی کارکردگی کا اجمالی جائزہ | 31 |
| شعبہ جات کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ | |
| اکیڈمک ونگ | 37 |
| مکتبہ انجمن | 44 |
| شعبہ خط و کتابت کورسز | 47 |
| شعبہ سمع و بصر | 50 |
| قرآن کالج | 54 |
| ہاسٹل قرآن کالج | 57 |
| شعبہ خواتین کی سرگرمیاں | 61 |
| صدر مؤسس کا ہفتہ وار درس قرآن | 62 |
| دورۂ ترجمہ قرآن و جامع القرآن | 63 |
| ایڈمن | 63 |
| اکاؤنٹس و کیش سیکشن | 64 |
| بیلنس شیٹ اور مالی گوشوارہ | 65 |
| منسلک انجمنوں کی کارکردگی کا جائزہ | 68 |
| انجمن خدام القرآن سندھ، کراچی | 68 |
| انجمن خدام القرآن، ملتان | 81 |
| انجمن خدام القرآن، فیصل آباد | 86 |
| انجمن خدام القرآن، سرگودھا | 87 |
| انجمن خدام القرآن سرحد، پشاور | 90 |


© rasailojaraid

بسم اللہ الرحمٰن الرّحیم

# پیش لفظ

اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے اس دفعہ بھی سالانہ رپورٹ میں ہی مرتب کر کے آپ کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں۔ جس وقت یہ رپورٹ آپ کی خدمت میں پیش کی جائے گی ہم سب ان شاء اللہ مرکزی انجمن کے 31 ویں سالانہ اجلاس کے لئے جمع ہو چکے ہوں گے۔ میں آپ کو اس اجلاس میں خوش آمدید کہتا ہوں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو بہترین اجر سے نوازے۔ آمین!

مرکزی انجمن کی تاسیس 1972ء میں ہوئی تھی اور اس طرح اس کی تاسیس کو 31 برس گزر چکے ہیں۔ اس دوران ملکی اور بین الاقوامی حالات و معاملات میں بہت سے اتار چڑھاؤ ہوتے رہے ہیں اور ساتھ ساتھ کبھی امید اور کبھی مایوسی طاری ہوتی رہی ہے، لیکن مرکزی انجمن نہایت ثابت قدمی سے اپنے مشن دعوت رجوع الی القرآن کی طرف گامزن رہی ہے اور اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے اس دعوت کی وسعت دن بدن زیادہ ہو رہی ہے۔ ذرائع ابلاغ کی جدت جہاں غلط مقاصد کے لئے استعمال ہو رہی ہے وہاں ہم نے بھی اس سے بھرپور فائدہ اٹھایا ہے اور اس طرح اپنی آواز اور فکر کو لاکھوں لوگوں تک پہنچانے میں کامیاب ہوئے ہیں اور اس کا دائرہ ہر آنے والے دن کے ساتھ مزید وسعت اختیار کر رہا ہے۔ بقول شاعر ؎

ستیزہ کار رہا ہے ازل سے تا امروز
شرارِ بولہبی سے چراغِ مصطفوی

اس شعر کے مصداق خیر و شر کی یہ لڑائی جاری ہے اور ہر گزرتے دن کے ساتھ ایسا محسوس ہوتا ہے کہ ہم تیزی کے ساتھ انجام کی طرف بڑھ رہے ہیں۔ بقول نبی اکرم ﷺ آخری غلبہ تو اسلام کا ہی ہوگا لیکن دیکھنا یہ ہے کہ کون اس میں مال و جان کھپا کر اللہ تعالیٰ کے ہاں سرخرو ہوتا ہے اور کون ناکام اور نامراد رہتا ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم سابقہ غلطیوں اور کوتاہیوں پر اللہ تعالیٰ سے توبہ کریں اور کمر ہمت کس کر فوراً اللہ تعالیٰ کے دین کی نشر و اشاعت اور اس کے غلبہ کی جدوجہد میں شریک ہو جائیں تا کہ اللہ تعالیٰ کے ہاں کامیاب قرار پا سکیں۔

موجودہ رپورٹ میں 03-2002ء کے دوران مرکزی انجمن کے تمام شعبہ جات کی

© rasailojaraid
© rasailojaraid
© rasailojaraid

© rasailojaraid.com



کارکردگی پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ علاوہ ازیں ارکانِ انجمن کی موجودہ تعداد اور مالیات سے متعلق آڈٹ شدہ گوشوارے بھی حسبِ سابق اس رپورٹ میں شامل کیے گئے ہیں۔ منسلک انجمنوں کی مختصر کارکردگی بھی درج کی گئی ہے۔ ایسے حضرات جو زیادہ تفصیل سے پڑھنے کے عادی نہیں' ان کے لئے سرگرمیوں کا ایک اجمالی خاکہ بھی علیحدہ درج کردیا گیا ہے۔

انجمن کی نئی ہیئت انتظامیہ اور دستور کے مطابق گزشتہ 9 سال سے تمام معاملات انجام پا رہے ہیں۔ مجلس عاملہ کا اجلاس ہر ماہ اور شوریٰ کا اجلاس ہر 3 ماہ بعد منعقد ہوتا ہے۔ اس سال مجلس شوریٰ کے 4 اور مجلس عاملہ کے 9 اجلاس منعقد ہوئے۔ قواعد کی رو سے جس ماہ شوریٰ کا اجلاس منعقد ہوتا ہے اس ماہ عاملہ کا اجلاس منعقد کرنا ضروری نہیں ہے۔

اختتام سے پہلے میں ان تمام حضرات کا نہایت خلوص اور تہہ دل سے شکریہ ادا کرنا ضروری سمجھتا ہوں جو کسی بھی طور سے اس مشن میں مددگار ثابت ہوئے۔ وہ لوگ جنہوں نے مالی انفاق کیا' وہ لوگ جنہوں نے اپنی جسمانی اور ذہنی توانائیاں صرف کیں اور وہ لوگ جو اپنی دعاؤں میں ہمیں یاد رکھتے ہیں اور اپنے دل میں ہمارے لئے اچھے اور نیک جذبات رکھتے ہیں وہ سب شکریہ کے مستحق ہیں۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ایسے سب حضرات کو اُن کے خلوص و اخلاص کے مطابق بہترین اجر سے نوازے اور ان کو مزید آگے بڑھنے اور خدمت دین کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین!

محمود عالم میاں

مدیر عمومی

یکم دسمبر 2003ء

© rasailojaraid.com

# مرکزی انجمن کی کارکردگی کا اجمالی جائزہ

## (سال 2002ء ۔ 2003ء)

ایسے احباب کے لئے جو تفصیلی رپورٹ پڑھنے کا میلان نہیں رکھتے یا کمی وقت کے شاکی ہیں اس رپورٹ کا ایک اجمالی خاکہ پیشِ خدمت ہے۔

**انجمن کے اراکین:**

سال 2002ء ۔ 2003ء کے دوران مرکزی انجمن خدام القرآن کے اراکین کی تعداد بالترتیب حلقہ محسنین 422، حلقہ مستقل ارکان 191، اور حلقہ عام ارکان 199 رہی۔ حلقہ عام ارکان کی تعداد چھانٹی کے بعد پہلے سے کم ہوگئی ہے۔

© rasailojaraid.c

**اکیڈمک ونگ:**

- اکیڈمک ونگ مرکزی انجمن کا ایک انتہائی اہم شعبہ ہے۔ اس شعبہ کے زیر اہتمام اس دفعہ 20 کتابوں کے نئے ایڈیشن ضروری نظر ثانی کے بعد شائع کئے گئے۔ اس کے علاوہ صدر موسس ڈاکٹر اسرار احمد کے خطابات پر مشتمل نئی کتاب حقیقت ایمان شائع کی گئی۔ شعبہ انگریزی کی طرف سے تیار کردہ نئی اور پرانی کتب کی طباعت کا انتظام بھی یہی شعبہ کرتا ہے۔ ماہنامہ میثاق، ماہنامہ حکمت قرآن اور ہفت روزہ ندائے خلافت کی اشاعت باقاعدگی سے جاری رہی۔ اس دفعہ ندائے خلافت کے دو خصوصی شمارے 13 /نومبر 2002ء بعنوان ''پیام اقبال بنام نوجوانان ملت'' اور 30 /اپریل 2003ء بعنوان ''عراق نمبر'' شائع کئے گئے جن کو لوگوں میں بہت سراہا گیا۔ کتب اور جرائد کے علاوہ مختلف اقسام کی طباعت کے لئے کمپیوٹر کمپوزنگ اور کاپی پیسٹنگ کا کام قرآن اکیڈمی میں انجام پاتا ہے جبکہ طباعت کا تمام کام بازار سے کرایا جاتا ہے۔
- اکیڈمک ونگ کے شعبہ انگریزی کی جانب سے اس دفعہ محترم صدر موسس کی دو کتب ''فرائض دینی کا جامع تصور'' اور ''مسلمان خواتین کے دینی فرائض'' کا انگریزی ترجمہ کر کے دو نئی کتب تیار کی گئیں، دو کتابیں نظر ثانی کے بعد نئے گیٹ اپ کے ساتھ تیار کی گئیں۔ اس کے علاوہ تین کتابیں

i) Call of Tanzeem-e-Islami

© rasailojaraid.c

ii) Islamic Concept of Moral Righteousness
iii) Synthesis of Faith

تیاری کے آخری مراحل میں ہیں۔ علاوہ ازیں یہ شعبہ E-Mail کی وصولی اور ترسیل، مضامین کے اردو سے انگریزی اور انگریزی سے اردو ترجمہ اور مختلف انگریزی مضامین کی کمپوزنگ اور ایڈیٹنگ وغیرہ کا کام بھی سرانجام دے رہا ہے۔

- قرآن اکیڈمی لائبریری میں دوران سال 404 کتب کا اضافہ ہوا۔ ان میں سے 302 کتب بازار سے خریدی گئیں جبکہ 102 کتب عطیہ کے طور پر موصول ہوئیں۔ اس طرح اب سال کے آخر تک کتب کی کل تعداد 8367 ہے۔ دوران سال لائبریری سے 892 کتب کا اجراء ہوا۔ اس کے علاوہ قارئین کی ایک کثیر تعداد لائبریری میں بیٹھ کر مطالعہ کرتی ہے۔ سال کے آخری میں ممبران کی کل تعداد 48 ہے۔ دوران سال لائبریری کو عطیہ کے طور پر 150 سے زائد رسائل اور جرائد موصول ہوئے۔ لائبریری میں کل 12 روزنامہ اخبارات آتے ہیں جن میں سے 7 اردو اور 5 انگریزی ہیں۔ دوران سال لائبریری میں درجہ بندی اور کیٹلاگنگ کا کام بھی جاری رہا۔ اس طرح اب تک 6100 کتب کی درجہ بندی اور کیٹلاگنگ ہو چکی ہے۔

- ایک سالہ رجوع الی القرآن کورس جس کا دورانیہ گھٹا کر نو ماہ کر دیا گیا، اس کا اصل مقصد یہ ہے کہ ایسے حضرات جنہوں نے اعلیٰ دنیوی تعلیم حاصل کی ہے لیکن عربی زبان اور دیگر دینی علوم سے بے بہرہ ہیں، انہیں ان بنیادی علوم سے مسلح کر دیا جائے جو قرآن حکیم کو سمجھ کر پڑھنے اور فہم دین کے حصول کے لئے ضروری ہوں۔ اس کورس میں عربی زبان کے بنیادی قواعد، تجوید کے بنیادی قواعد قرآن حکیم کا منتخب نصاب، علم حدیث اور علم فقہ کے اصول اور مبادیات کی تدریس کی جاتی ہے۔ یہ کورس یکم ستمبر سے 30 مئی تک منعقد ہوتا ہے۔ سال 2002ء ۔ 2003ء کے دوران اس کورس میں قریباً 40 مرد اور 15 خواتین نے شرکت کی۔

- درس منتخب نصاب بزبان انگریزی سارا سال جاری رہا اور قریب الاختتام ہے۔ ترجمہ قرآن کلاس میں 7 پاروں کی تکمیل ہو چکی ہے۔ اس کے علاوہ تین مختلف عربی گرامر کلاسز بھی جاری ہیں۔

© rasailojaraid.c
© rasailojaraid.c

## مکتبہ انجمن :

مکتبہ مرکزی انجمن کا ایک انتہائی اہم شعبہ ہے۔ یہیں سے ہر قسم کے لٹریچر' کتب' جرائد' ویڈیو/ آڈیو کیسٹس' سی ڈیز کی فروخت اور ترسیل کا کام کیا جاتا ہے۔ گزشتہ سال ندائے خلافت کے خریداروں میں قریباً 4 ہزار کا اضافہ ہوا لیکن اس کی ترسیل بشمول ماہنامہ میثاق اور حکمت قرآن بروقت اور عمدگی سے جاری رہی۔ مرکزی انجمن اور تنظیم اسلامی کے زیر اہتمام منعقد ہونے والے اجتماعات کے علاوہ بہت سے دوسرے موقعوں پر مکتبہ نے اپنے سٹال لگائے۔ اس طرح ایک اچھی فروخت کے علاوہ بہت سے نئے لوگوں میں ہمارا تعارف ہوا۔ اس سال مارکیٹ کا سروے کر کے تقریباً 10 مقامات پر مکتبہ نے اپنی کتب کے ڈسپلے اور فروخت کا بندوبست کیا۔ اس کے علاوہ بڑھتی ہوئی ضروریات کے پیش نظر مکتبہ میں ایک جدید خوبصورت سیل ڈیپارٹمنٹ کا قیام عمل میں لایا گیا۔ اس سال -/7,91043 روپے کی کتب -/15,97,620 روپے کی کیسٹس / سی ڈیز' جبکہ -/14,57,735 روپے کے جرائد فروخت ہوئے۔ اس طرح کل فروخت -/38,46,398 روپے رہی۔

## شعبہ خط وکتابت کورسز :

مرکزی انجمن نے ایسے خواتین وحضرات کے لئے جو قرآن اکیڈمی یا قرآن کالج میں حاضر ہونے سے قاصر ہیں شعبہ خط و کتابت کورسز قائم کر رکھا ہے۔ اس شعبہ نے اب تک پانچ کورسز پیش کئے ہیں (۱) قرآن حکیم کی فکری و عملی راہنمائی (۲) ابتدائی عربی گرامر (حصہ اول) (۳) ابتدائی عربی گرامر (حصہ دوم) (۴) ابتدائی عربی گرائمر (حصہ سوم) (۵) ترجمہ قرآن کریم کورس۔ الحمدللہ ان کورسز کو بہت پسند کیا گیا اور لوگوں کی ایک اچھی تعداد ان کورسز سے استفادہ کر رہی ہے۔ اول الذکر کورس کے شرکاء کی تعداد اب تک 3538' عربی گرائمر کورس کے شرکاء کی تعداد بالترتیب 2263' 308 اور 141 ہے۔ ترجمہ قرآن کریم کورس میں اب تک کے شرکاء کی تعداد 1104 ہے۔ دوران سال ان کورسز کو مکمل کرنے والوں کی تعداد بالترتیب 6,12,17,12 اور 18 رہی۔

## شعبہ سمع وبصر :

مرکزی انجمن کے شعبہ سمع وبصر نے سال 2002ء۔2003ء کے دوران محترم صدر موسس کے دروس اور دیگر پروگرامز اور تقاریر کی ریکارڈنگ کی اور اس طرح مکتبہ کو ان کی

© rasailojaraid.com
© rasailojaraid.com

ضروریات کے مطابق آڈیو وڈیو کیسٹس، سی ڈیز اور وڈیو سی ڈیز فراہم کیں، جن کی تعداد بالترتیب 20500، 1450 اور 28467 رہی۔ لوگوں کی فرمائش پر دورۂ ترجمہ قرآن 1998ء کو آڈیو سی ڈی پر منتقل کیا گیا۔ صدر موسس کے متفرق خطابات، لیکچرز اور دروس جو کہ ڈیجیٹل کیسٹس پر موجود ہیں ان کو وڈیو سی ڈیز پر منتقل کیا گیا۔ اس طرح 11 نئی وڈیو سی ڈیز تیار کی گئیں۔ اس کے علاوہ نئی ڈیٹا سی ڈیز تیار کی گئیں ہیں جن میں صدر موسس کے خطبات جمعہ کو جمع کیا گیا اور سال 2002ء کے تمام میثاق، حکمت قرآن اور ندائے خلافت کو ایک سی ڈی پر یکجا کیا گیا۔ مزید برآں مختلف خطابات کو آڈیو سی ڈیز پر Convert کرنے کے کام کا آغاز بھی کر دیا گیا ہے۔

ARY Digital اور SPTV کو صدر موسس کی ڈیجیٹل کیسٹس اور وڈیو سی ڈیز مہیا کی گئیں ہیں جنہیں وہ باقاعدگی سے نشر کر رہے ہیں۔

ہمارے فکر کی نشر و اشاعت میں انٹرنیٹ بھی غیر معمولی کردار ادا کر رہا ہے۔ انٹرنیٹ پر صدر مؤسس کا مکمل دورۂ ترجمہ قرآن، منتخب نصاب اردو اور منتخب نصاب انگریزی سماعت کے لئے دستیاب ہے۔ اس کے علاوہ صدر موسس اور ڈائریکٹر انجمن کے بہت سے دیگر خطابات بھی دستیاب ہیں۔ مزید برآں یہ شعبہ دوسرے تمام شعبہ جات کو تکنیکی معاونت بھی فراہم کر رہا ہے۔

## قرآن کالج:

قرآن کالج میں دوران سال ایف اے، آئی کام، ایف اے جنرل سائنس اور آئی سی ایس کی کلاسوں میں 73 طلبہ نے داخلہ لیا۔ بی اے سال اول میں داخلہ لینے والے طلبہ کی تعداد 11 رہی۔ حسب معمول میٹرک کے امتحانات سے فارغ طلبہ کے لئے اسلامک جنرل نالج ورکشاپ کا اہتمام کیا گیا جس میں شرکاء کی تعداد 39 رہی۔ اس ورکشاپ میں پہلی، دوسری اور تیسری پوزیشن والے طلبہ کو انعامات دیئے گئے۔ اپریل 2003ء میں قرآن کالج کے اساتذہ کرام کے لئے ایک ریفریشر کورس کا اہتمام کیا گیا جس میں محترم صدر موسس کے مختلف موضوعات پر وڈیو لیکچرز دکھائے گئے۔ اس کے علاوہ تدریس کے جدید طریقہ ہائے کار اور بالخصوص انگریزی زبان کی تدریس پر خصوصی لیکچرز دیئے گئے۔ کالج کے ٹور کے لئے اس دفعہ وادی سوات کا انتخاب کیا گیا، اس ٹور میں 68 طلبہ اور 7 اساتذہ نے شرکت کی۔ دوران سال طلبہ اور اساتذہ کرام کے لئے ہفتہ وار درس قرآن کا انعقاد ہوتا رہا۔ بورڈ کے

© rasailojaraid.
© rasailojaraid.

امتحانات میں اس دفعہ 92 طلبہ نے شرکت کی اور نتیجہ قریباً 53% رہا۔ اول، دوم اور سوم آنے والے طلبہ نے بالترتیب 690، 686 اور 655 نمبر حاصل کیے۔ کالج میں مورخہ 29 مئی 2003ء کو سالانہ تقریب تقسیم انعامات منعقد ہوئی۔ امتحانات اور کھیلوں میں اول، دوم اور سوم آنے والے طلبہ اور ٹیموں میں انعامات تقسیم کیے گئے۔ کالج کے پاس بہترین کمپیوٹر لیب موجود ہے۔ کالج کی لائبریری میں اس وقت مختلف موضوعات پر 2286 کتب موجود ہیں۔ دورانِ سال اضافہ 16 کتب کا ہوا۔

قرآن کالج کے طلبہ کے لئے ایک بہترین ہاسٹل موجود ہے جس میں رہائش کی عمدہ سہولتیں مہیا کی گئیں ہیں۔ دوران سال ہاسٹل میں 65 طلبہ مقیم رہے۔ یہاں پر تعلیمی سرگرمیوں کے علاوہ کھیلوں پر بھی توجہ دی جاتی ہے۔ قرآن کالج ہاسٹل ہونے کے ناطے یہاں پر طلبہ کی اخلاقی، دینی، ذہنی تربیت اور نشوونما کی طرف خصوصی توجہ دی جاتی ہے۔

## شعبہ خواتین:

© rasailojaraid.com

حسب معمول اس سال بھی گرمیوں کی چھٹیوں میں حلقہ خواتین کے زیر اہتمام دینی تربیتی کورس کا اہتمام کیا گیا۔ اس دفعہ شرکاء کی تعداد 65 تھی جن میں چند ایک کے سوا تمام خواتین نے کورس مکمل کر کے اسناد حاصل کیں۔ اس کورس کے مضامین میں ابتدائی عربی گرامر، تجوید، منتخب احادیث، قرآن حکیم کا منتخب نصاب اور ارکانِ اسلام شامل تھے۔ اس دفعہ خواتین نے ''استقبال رمضان المبارک'' کے عنوان سے قرآن آڈیٹوریم میں پروگرام منعقد کیا۔ اس میں خصوصی خطاب صدر موسس جناب ڈاکٹر اسرار احمد صاحب کا بھی ہوا۔ خواتین نے رمضان کے حوالہ سے متفرق موضوعات پر اظہار خیال کیا۔ اس پروگرام میں 700 خواتین نے شرکت کی۔

قرآن اکیڈمی میں ہر انگریزی مہینہ کے پہلے ہفتہ کو خواتین کا ماہانہ اجتماع منعقد ہوتا رہا۔ اوسطاً شرکت 100 سے زائد خواتین کی رہی۔ اس کے علاوہ خواتین ہال میں ہفتہ میں دو دفعہ ترجمہ قرآن اور تجوید کی کلاسز جاری رہیں۔

## شعبہ ایڈمن:

مرکزی انجمن کے شعبہ ایڈمن نے اپنے روزمرہ کے معاملات جس میں سٹاف کی نگرانی، ماہوار تنخواہوں کی بروقت تیاری، آفس آرڈرز/نوٹس اور میموز کا اجراء اور دوسرے تمام انتظامی امور شامل تھے خوش اسلوبی سے انجام دیئے۔ حسب ضرورت سرکاری وغیر سرکاری

© rasailojaraid.com

دفاتر سے رابطے بھی جاری رہے۔ مرکزی انجمن کے شعبہ اکاؤنٹس وکیش نے مختصر عملہ کے باوجود اپنی جملہ ذمہ داریاں نہایت عمدگی سے ادا کیں۔

## صدر موسس کا ہفتہ وار درس قرآن:

قرآن آڈیٹوریم میں محترم صدر موسس کا درس قرآن اتوار کے روز بہت عرصہ سے جاری ہے۔ مئی 2002ء سے سلسلہ وار درس قرآن روک کر منتخب نصاب' جو کہ ہماری دعوت کی جڑ بنیاد ہے' کا درس شروع کیا گیا ہے۔ اس کی براڈ کاسٹ کوالٹی ریکارڈنگ کی جا رہی ہے تاکہ اس کو الاسلام چینل سے نشر کیا جا سکے۔ اس طرح ہماری دعوت بہت زیادہ تعداد میں لوگوں تک پہنچ سکے گی۔ آڈیٹوریم میں قریباً 500 مرد اور 100 سے 150 خواتین اس میں شرکت کر رہی ہیں۔

## دورۂ ترجمہ قرآن وجامع القرآن:

© rasailojaraid.c

قرآن اکیڈمی کی جامع مسجد جامع القرآن میں 1984ء سے لے کر اب تک نماز تراویح کے ساتھ دورۂ ترجمہ قرآن کا سلسلہ جاری ہے۔ اس سال یہ ذمہ داری محترم صدر موسس ڈاکٹر اسرار احمد صاحب کے بڑے صاحبزادے جناب ڈاکٹر عارف رشید صاحب نے ادا کی۔ لوگوں کی ایک بڑی تعداد نے اس میں شرکت کی' جبکہ آخری عشرہ میں 400 سے 500 افراد اور قریباً 100 خواتین شرکت کرتی رہیں۔ جامع القرآن میں 65 افراد نے اعتکاف کی سعادت حاصل کی۔ اس کے علاوہ جامع القرآن میں ہفتہ میں چار دن درس قرآن اور تین دن درس حدیث کا پروگرام جاری رہا۔

### اراکین انجمن کی موجودہ تعداد

| | | |
|---|---|---|
| موسسین ومحسنین | = | 422 |
| مستقل ارکان | = | 191 |
| عام ارکان | = | *197 |
| کل تعداد | = | 810 |

* عام ارکان میں سے وہ ارکان جو طویل عرصہ سے زر تعاون ادا نہیں کر رہے تھے ان کی رکنیت ختم کردی گئی ہے۔

© rasailojaraid.c

# شعبہ جات کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ

## اکیڈمک ونگ

قرآن اکیڈمی کے اکیڈمک ونگ کے تحت فی الوقت مندرجہ ذیل شعبے کام کر رہے ہیں:

i) شعبہ تصنیف و تالیف اور ترتیب و تسوید
ii) شعبہ انگریزی
iii) شعبہ کتابت و طباعت (بشمول کمپیوٹر کمپوزنگ)
iv) قرآن اکیڈمی لائبریری
v) ایک سالہ رجوع الی القرآن کورس
vi) دیگر تدریسی سرگرمیاں

© rasailojaraid.c

### (1) شعبہ تصنیف و تالیف اور ترتیب و تسوید

مکتبہ مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور کے زیر اہتمام شائع ہونے والے اردو جرائد (ماہنامہ میثاق، ماہنامہ حکمت قرآن اور ہفت روزہ ندائے خلافت) کے جملہ ادارتی امور، مثلاً مضامین کی تالیف اور editing، محترم صدر مؤسس کے دروس اور خطابات کو ٹیپ سے صفحۂ قرطاس پر منتقل کر کے انہیں مرتب کرنا، محترم ڈائریکٹر اکیڈمی کے خطابِ جمعہ کی تلخیص تیار کرنا، مرکزی انجمن اور تنظیم اسلامی کے اہم پروگراموں کی رپورٹنگ اور مضامین کی پروف ریڈنگ وغیرہ جیسے امور اس شعبہ کی ذمہ داری ہیں۔ چنانچہ یہ شعبہ ہر ماہ دو ماہانہ جرائد (میثاق اور حکمت قرآن) اور ہفت روزہ ندائے خلافت کے چار شمارے شائع کرنے کا اہتمام کرتا ہے۔

مزید برآں یہ شعبہ مرکزی انجمن کی جملہ کتب (نئی یا پرانی) کی اشاعت کی تیاری اور ان کی اشاعت کا بھی ذمہ دار ہے۔ چنانچہ نئی کتابوں کی ترتیب و تدوین، ان میں آنے والی احادیث کی تخریج، پرانی کتابوں میں سے جس کے بارے میں ضرورت محسوس ہو اُس پر نظر ثانی کرتے ہوئے اسے از سرِ نو مرتب کر کے نئی کمپوزنگ کرانا اور نئے ایڈیشنز کی اشاعت سے پہلے ان کی اغلاط کی تصحیح کرانا اسی شعبے کی ذمہ داری ہے۔

2002-2003ء کے دوران اس شعبے کی کارکردگی کا مختصر سا جائزہ درج ذیل ہے:

© rasailojaraid.c

## رسائل و جرائد:

**میثاق:** جولائی 2002ء تا جون 2003ء کے دوران ماہنامہ میثاق کے 10 شمارے شائع ہوئے۔ دسمبر 2002ء کا شمارہ رمضان المبارک کی مصروفیات اور عید الفطر کی تعطیلات کے باعث شائع نہیں ہوا' جبکہ مارچ 2003ء کا شمارہ معاون مدیر کے سفر حج کے باعث شائع نہیں ہو سکا۔ ان شماروں کی تلافی کے لئے جنوری 2003ء اور اپریل 2003ء کے شماروں میں صفحات کا اضافہ کر کے انہیں دو دو ماہ کی اشاعت کے قائم مقام قرار دیا گیا۔

**حکمت قرآن:** اس عرصے کے دوران حکمت قرآن کے نو شمارے شائع ہوئے۔ اگست / ستمبر 2002ء' نومبر / دسمبر 2002ء اور مارچ / اپریل 2003ء کے مشترکہ شمارے شائع کئے گئے۔

**ندائے خلافت:** ہفت روزہ ندائے خلافت کی اشاعت میں باقاعدگی رہی۔ 13 نومبر 2002ء کا شمارہ خصوصی اشاعت بعنوان ''پیامِ اقبال بنام نوجوانانِ ملت'' جبکہ 30 اپریل 2003ء کا شمارہ ''عراق نمبر'' کے عنوان سے خصوصی اشاعت پر مشتمل تھا۔ جنوری 2003ء سے ندائے خلافت چار صفحات کے اضافے اور سہ رنگ ٹائٹل کے ساتھ شائع ہو رہا ہے۔

© rasailojaraid

## اشاعت کتب

صدر مؤسس محترم ڈاکٹر اسرار احمد کے خطابات پر مشتمل نئی کتاب ''حقیقت ایمان'' شائع کی گئی جو ہماری مطبوعات میں ایک گراں قدر اضافہ ہے۔

شعبہ انگریزی کی طرف سے تیار کردہ دو نئی کتب کی طباعت کا اہتمام کیا گیا:

i) Obligations to God.

ii) Religious Obligations of Muslim Women

مندرجہ ذیل کتب کے نئے ایڈیشن شائع کئے گئے:

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1) | رسول کاملؐ (عام و خاص ایڈیشن) | 2) | آسان عربی گرامر (حصہ دوم) |
| 3) | قرآن حکیم اور ہماری ذمہ داریاں | 4) | دنیا کی عظیم ترین نعمت' قرآن حکیم |
| 5) | عظمت صیام و قیامِ رمضان | 6) | دو روزے |
| 7) | مطالباتِ دین | 8) | نقضِ غزل |
| 9) | ختم نبوت کے دو مفہوم | 10) | اسلامی نظم جماعت میں بیعت کی اہمیت |

© rasailojaraid

| | | | |
|---|---|---|---|
| 11 | فرائض دینی کا جامع تصور (عام ایڈیشن) | 12 | حقیقت تصوف |
| 13 | خواتین کے دینی فرائض | 14 | آسان عربی گرامر (حصہ اول) |
| 15 | اُمت مسلمہ کی عمر | 16 | سانحہ کربلا (عام وخاص ایڈیشن) |
| 17 | نبی اکرم ﷺ سے ہمارے تعلق کی بنیادیں (عام وخاص ایڈیشن) | 18 | عہد حاضر میں اسلامی ریاست ومعیشت کے چند بنیادی مسائل |
| 19 | برعظیم پاک وہند میں اسلام کے انقلابی فکر کی تجدید وتعمیل ...... | 20 | اسلامی تصوف میں غیر اسلامی نظریات کی آمیزش |

21- RISE & DECLINE OF MUSLIM UMMAH
22- QURAN & WORLD PEACE
23- CALLING PEOPLE UNTO ALLAH

مزید برآں [illegible] کے کتابچے نمبر 1‘18‘19 چار رنگ کے ٹائٹل کے ساتھ شائع کئے گئے۔

## (2) شعبہ انگریزی

محترم صدر مؤسس کی دو کتب ’’فرائض دینی کا جامع تصور‘‘ اور ’’مسلمان خواتین کے دینی فرائض‘‘ کا انگریزی ترجمہ کرکے دو نئی کتابیں تیار کی گئیں:

i) OBLIGATIONS TO GOD
ii) RELIGIOUS OBLIGATIONS OF MUSLIM WOMEN

جبکہ مندرجہ ذیل دو کتابیں نظر ثانی کے بعد نئے گیٹ اپ کے ساتھ تیار کی گئیں:

i) RISE & DECLINE OF MUSLIM UMMAH
ii) CALLING PEOPLE UNTO ALLAH

2) تین کتابیں:

(i) Call of Tanzeem-e-Islami
(ii) Quranic Concept of Moral Righteousness
(iii) Synthesis of Faith

طباعت کے لئے تیاری کے آخری مراحل میں ہیں۔ (ٹائٹل ڈیزائننگ کی جا رہی ہے)

3) خطابِ جمعہ کا انگریزی ترجمہ برائے پریس ریلیز وانٹرنیٹ تیار کیا جاتا ہے۔

4) سالانہ اجتماع کے خطابات کے خلاصے انگریزی میں ترجمہ کرکے website کے لئے

© rasailojaraid.c

شعبہ سمع وبصر کے سپرد کئے گئے۔

5) انگریزی اخبار The Nation کو برائے اشاعت articles بھیجے گئے۔

6) مختلف انگریزی تحریروں کا اردو ترجمہ برائے ندائے خلافت کیا جاتا ہے۔

7) مختلف اخبارات ورسائل میں شائع ہونے والے یا دوسرے ذرائع سے حاصل شدہ مضامین کی کمپوزنگ وایڈیٹنگ برائے ندائے خلافت کی جاتی ہے۔

8) روزانہ ای میل وصول کر کے شعبہ جات کو تقسیم کی جاتی ہے۔ شعبہ جات سے موصول ہونے والی تحریروں اور جوابات کا انگریزی میں ترجمہ کر کے ای میل کی ترسیل کی جاتی ہے۔

9) انگریزی مضمون برائے ندائے خلافت (عابد اللہ جان) ای میل سے وصول کر کے پرنٹنگ کے لئے تیار کیا جاتا ہے۔

10) اردو مضمون برائے ندائے خلافت (رعنا ہاشم خان صاحبہ) ای میل سے وصول کر کے ندائے خلافت کے نائب مدیر کے سپرد کیا جاتا ہے۔

11) 28 جون 2003ء کی میٹنگ میں ڈائریکٹر اکیڈمی نے اطلاع دی کہ آئندہ (یکم جولائی 2003ء) سے ای میل کا تمام کام شعبہ سمع وبصر کی طرف منتقل کر دیا گیا ہے۔

12) آیۃ البر کا آخری ڈرافٹ نظر ثانی کے لئے ڈاکٹر ابصار صاحب کو دے دیا گیا ہے۔

13) Synthesis of Faith اور Sura Fatihah کے آخری ڈرافٹ ڈاکٹر ابصار صاحب کی نظر ثانی کے لئے تیار ہیں۔ ان کی نظر ثانی کے بعد اُن کی طباعت کا مرحلہ شروع ہو جائے گا۔

## (3) شعبہ کتابت وطباعت، بشمول کمپیوٹر کمپوزنگ

ہفت روزہ ندائے خلافت، ماہنامہ میثاق، ماہنامہ حکمت قرآن، جملہ کتب، ہینڈ بلز، اخباری اشتہارات، پوسٹرز، سرکلرز اور آفس سٹیشنری وغیرہ کی کمپیوٹر کمپوزنگ اور طباعت کا کام یہ شعبہ سرانجام دیتا ہے۔ ان تمام امور کی انجام دہی کے لئے شعبہ کے پاس تجربہ کار اور مستند سٹاف موجود ہے۔

## (4) قرآن اکیڈمی لائبریری

قرآن اکیڈمی لائبریری کو مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور کی مرکزی لائبریری کی حیثیت حاصل ہے۔

☆ یکم جولائی 2002ء کو لائبریری میں کتب کی کل تعداد 7963 تھی، دورانِ سال

© rasailojaraid.com

404 کتب کا اضافہ ہوا۔ ان میں سے 302 کتب بازار سے خریدی گئیں جن کی مالیت -/7368 روپے ہے' جبکہ 102 کتب عطیہ کے طور پر موصول ہوئیں۔ ان میں سے اکثر و بیشتر کتب صدر مؤسس ڈاکٹر اسرار احمد صاحب کی طرف سے ملیں۔ سال کے آخر تک کتب کی کل تعداد 8367 ہوگئی ہے۔

☆ **درجہ بندی اور کیٹلاگنگ** : دورانِ سال درجہ بندی اور کیٹلاگنگ کا کام جاری رہا۔ تقریباً 500 کتب کو اس مرحلے سے گزارا گیا۔ اب تک 6100 کتب کی درجہ بندی اور کیٹلاگنگ ہو چکی ہے اور مزید کتب پر کام جاری ہے۔

☆ **اجراء کتب** :سال 03-2002ء کے دوران 175 افراد کو 892 کتب جاری کی گئیں۔ اس کے علاوہ قارئین کی ایک کثیر تعداد نے لائبریری میں بیٹھ کر کتب' رسائل و جرائد اور اخبارات سے استفادہ کیا۔

☆ **ممبر شپ** :سال کے شروع میں ممبرز کی کل تعداد 45 تھی۔ دورانِ سال 16 نئے ممبرز کا اضافہ ہوا۔ ممبر شپ حاصل کرنے والوں میں زیادہ تعداد ایک سالہ رجوع الی القرآن کورس کے طلبہ کی ہے۔ کورس مکمل کرنے والے 13 طلبہ کی رکنیت expire ہوگئی۔ اس طرح سال کے آخر میں ممبرز کی کل تعداد 48 رہ گئی۔

☆ **رسائل و جرائد**: دورانِ سال لائبریری میں 150 سے زائد رسائل و جرائد موصول ہوئے' جن میں ہفت روزہ' ماہنامہ' سہ ماہی' ششماہی' سال نامے' نمبروار اور سیریل وار رسائل و جرائد شامل ہیں۔ لائبریری میں آنے والے رسائل علمی' تحقیقی' دینی' اصلاحی' سیاسی اور معاشرتی وسماجی موضوعات پر ہوتے ہیں۔ یہ تمام رسائل حکمت قرآن' میثاق یا ندائے خلافت کے تبادلہ میں آتے ہیں۔ دورانِ سال 2000ء سے 2002ء کے رسائل و جرائد کو جلد بندی کروانے کے لئے تیار کر دیا گیا ہے۔ اس سال باقاعدگی سے آنے والے اردو' انگلش رسائل کی تعداد 98 ہے اور بے قاعدگی سے آنے والے رسائل کی تعداد 8 ہے' جبکہ اس دوران 17 رسائل بند ہو گئے اور 7 نئے رسائل آنا شروع ہو گئے۔ رسائل و جرائد کے موصولہ شماروں کی مجموعی تعداد 1612 ہے۔

☆ **اخبارات** :لائبریری میں کل 12 روزنامہ اخبارات آتے ہیں' جن میں سے 7 اردو اور 5 انگریزی ہیں۔ اردو اخبارات جنگ' نوائے وقت' خبریں' پاکستان' انصاف' دن اور الاسلام ہیں' جبکہ انگریزی اخبارات The Nation 'The Dawn'

© rasailojaraid
© rasailojaraid
© rasailojaraid

News' Statesman اور The Frontior Post ہیں۔

اخبارات کا ایک سال تک ریکارڈ رکھا جاتا ہے۔ سال تکمیل ہونے پر پچھلے چھ ماہ کے اخبارات فروخت کر دیئے جاتے ہیں اور چھ ماہ کا ریکارڈ محفوظ کر لیا جاتا ہے۔

لائبریری میں قارئین کی ایک کثیر تعداد اِن اخبارات کا مطالعہ کرتی ہے۔ تاہم لائبریری میں اخبارات صرف معین اوقات میں فراہم کئے جاتے ہیں۔

☆ **اخبارات کے تراشوں کی فائلنگ:** اخبارات میں سے محترم مدرمؤسس کے بیانات' مضامین' انٹرویوز' خطاباتِ جمعہ کے پریس ریلیز اور تنظیم اسلامی سے متعلق دیگر خبریں' کانفرنسوں' جلسوں اور مظاہروں کی رپورٹنگ' بانی تنظیم اسلامی اور امیر تنظیم اسلامی کے تمام پروگراموں کے اخبارات کے تراشوں کو اخبارات سے نکال کر ان کو چسپاں کیا جاتا ہے' پھر فائل کر کے ریکارڈ میں رکھا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ مختلف حضرات کے تائیدی اور تنقیدی مضامین' جناب سردار اعوان کے خطوط وغیرہ اور جناب مرزا ایوب بیگ کے مضامین وغیرہ کاٹ کر فائل کر لئے جاتے ہیں۔

© rasailojaraid

## (5) ایک سالہ رجوع الی القرآن کورس

ایک سالہ رجوع الی القرآن کورس' جس کا دورانیہ اب گھٹا کر نو ماہ کر دیا گیا ہے' کا اصل مقصد یہ ہے کہ ایسے حضرات کو جو بی اے اور ایم اے تک دنیوی تعلیم حاصل کر چکے ہوں' ان بنیادی علوم سے مسلح کر دیا جائے جو قرآن حکیم کو سمجھ کر پڑھنے اور فہم دین کے حصول کے لئے ضروری ہوں۔ گویا نو ماہ کے عرصے میں طلبہ کو (i) اتنی عربی پڑھا دی جائے کہ عربی زبان کے بنیادی قواعد پر انہیں بہت حد تک عبور حاصل ہو جائے تاکہ پھر کچھ مزید اضافی محنت اور وقت لگا کر وہ یہ استعداد حاصل کر لیں کہ قرآن کی تلاوت کرتے ہوئے اس کا مفہوم بھی انہیں ساتھ ساتھ سمجھ میں آتا چلا جائے اور قرآن حکیم سے ہدایت و نصیحت اخذ کرنے کے لئے انہیں کسی ترجمے کا مرہون منت نہ ہونا پڑے۔ (ii) تجوید کے بنیادی قواعد سکھا کر اتنی مشق کرا دی جائے کہ وہ قرآن کو صحیح طور پر پڑھ سکیں۔ (iii) قرآن حکیم کے منتخب نصاب کے مطالعے اور تدریس کے ذریعے دین کا صحیح اور جامع تصور واضح انداز میں پیش کیا جائے تاکہ طلبہ پر یہ واضح ہو جائے کہ ہمارا دین کیا ہے' وہ ہم سے کیا چاہتا ہے اور وہ یہ کہ دینی ذمہ داریوں کو ادا کرنے کی عملی صورت کیا ہو سکتی ہیں! (iv) علمِ حدیث کے بنیادی اصولوں سے اور علم فقہ کی مبادیات سے طلبہ کو روشناس کرا دیا جائے تاکہ پھر آئندہ زندگی میں وہ اپنی اپنی ہمت اور

© rasailojaraid

استعداد کے مطابق ان اہم دینی علوم میں پیشرفت کر سکیں اور وہ اپنے دینی علم کے دائرے کو مزید وسعت دے سکیں۔ (v) طلبہ میں اس بات کی اہلیت پیدا کرنے کی کوشش کی جائے کہ وہ قرآن حکیم کے پیغام کو اور رجوع الی القرآن کی دعوت کو دوسروں تک پہنچا سکیں اور نبی اکرم ﷺ کے اس فرمان کے مطابق کہ ((خَیۡرُکُمۡ مَنۡ تَعَلَّمَ الۡقُرۡآنَ وَعَلَّمَہٗ)) ''تم میں سے بہترین لوگ وہ ہیں جو قرآن سیکھیں اور سکھائیں''۔ وہ تعلیم و تعلم قرآن کے مبارک کام کو آگے بڑھانے کا فریضہ سرانجام دے سکیں۔ یہ کورس یکم ستمبر سے 30 مئی تک منعقد ہوتا ہے۔ الحمدللہ اب تک نہ صرف پاکستان بلکہ بیرونی ممالک مثلاً امریکہ' کینیڈا' برطانیہ اور مشرقِ وسطیٰ سے تعلق رکھنے والے سینکڑوں گریجوایٹس' ڈاکٹرز' انجینئرز' پی ایچ ڈی اور دوسرے پڑھے لکھے افراد اس کورس سے استفادہ کر چکے ہیں۔

کورس کی تدوین و تشکیل کے لئے مناسب اقدامات' اساتذہ کی فراہمی' کورس کی تشہیر و اشاعت' پراسپکٹس کی تیاری و تقسیم اور کلاس کے انتظامی امور کی نگرانی وغیرہ جیسے تمام امور اسی شعبہ کے ذمہ ہیں۔ سال 2003-2002ء کے دوران اس کورس میں مرد شرکاء کی تعداد 40 اور خواتین کی تعداد 15 تھی' جبکہ 22 مرد اور 10 خواتین نے اس کورس کی تکمیل کی۔

## تدریسی سرگرمیاں

### (i) درس منتخب نصاب بزبان انگریزی

یہ ہفتہ وار درس قرآن آڈیٹوریم میں منعقد کیا گیا اور سارا سال جاری رہا۔ مدرس انجینئر محمد علی صاحب تھے۔ اب یہ درس اختتام کے نزدیک ہے۔ اوسطاً حاضری 30-25 افراد رہی۔

### (ii) عربی گرامر/ترجمہ قرآن کریم کورس

یہ کلاس بھی تقریباً پورا سال جاری رہی اور ابھی جاری ہے۔ یہاں بھی مدرس انجینئر محمد علی صاحب تھے۔ اس کلاس کے آغاز میں شرکاء کی تعداد قریباً 40-35 افراد تھی جبکہ مسلسل شرکت 10 افراد کی رہی۔

### (iii) عربی گرامر کلاس

یہ کلاس بھی قریباً پورا سال جاری رہی اور ابھی جاری ہے۔ یہاں پر مدرس کے فرائض سید زبیر احمد صاحب انجام دے رہے ہیں۔ آغاز میں شرکاء کی تعداد 40 افراد کے قریب تھی

© rasailojaraid

لیکن مستقل شرکت 6-7 افراد کی رہی۔

### (iv) ترکیب قرآنی کلاس

یہ کلاس جناب حافظ زبیر احمد صاحب نے شروع کی لیکن کچھ مشکل ہونے کی وجہ سے شرکاء کی عدم دلچسپی رہی۔ اس طرح سے یہ کلاس جاری نہ رہ سکی۔ اس میں شرکاء کی تعداد 8 افراد تھی۔

### (v) عربی گرامر/عربی ریڈر کلاس

اس سال کے دوران یہ کلاس جناب داؤد قادر صاحب نے شروع کی۔ اس میں شرکاء کی تعداد قریباً 7 افراد رہی۔

### (vi) ترجمۂ قرآن

© rasailojaraid.co

یہ نشست ہفتہ میں ایک بار ہوتی ہے اور اس کے مدرس ہیں جناب رشید ارشد صاحب۔ اس کلاس میں 7 پاروں کی تکمیل ہو چکی ہے۔ حاضری اوسطاً 40 افراد رہی۔

☆☆☆

## مکتبہ انجمن

مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور کی تحریک رجوع الی القرآن کا ایک اہم آرگن' شعبہ ''مکتبہ'' ہے۔ مرکزی انجمن کی فکر پر مبنی لٹریچر' محترم ڈاکٹر اسرار احمد صاحب کے دروس وخطابات پر مشتمل آڈیو/ویڈیو کیسٹس اور CDs کو سٹاک کرنے' فروخت کرنے اور اندرون ملک بیرون ملک ترسیل کی تمامتر ذمہ داری ''مکتبہ'' کی ہے۔ ماہنامہ میثاق' حکمت قرآن اور ہفت روزہ ندائے خلافت کی ان کے مستقل خریداروں اور ایجنسی ہولڈروں کو بروقت ترسیل کی ذمہ داری بھی ''مکتبہ'' کے سپرد ہے۔ اس کے علاوہ مسجد دارالسلام میں جمعہ کے روز' اتوار کے درس قرآن کے موقع پر قرآن آڈیٹوریم اور دیگر اہم مواقع پر کتب وکیسٹس اور سٹالز کا اہتمام بھی ''مکتبہ'' ہی کرتا ہے۔ ''مکتبہ'' نے اپنے نوجوان اور جذبہ خدمت سے سرشار کارکنوں کے ذریعہ اپنی یہ معمول کی ذمہ داریاں بطریق احسن پوری کیں۔ سال گزشتہ میں معمول کی سرگرمیوں کے علاوہ بعض خصوصی پیش ہائے رفت بھی عمل میں آئیں۔ ان میں مکتبہ کے سیل ڈیپارٹمنٹ کی تجدید نو کو خاص اہمیت حاصل ہے۔ کچھ عرصہ سے یہ محسوس کیا جا رہا تھا کہ کتب ویکیسٹس اور CDs کی

© rasailojaraid.co

بڑھتی ہوئی تعداد اور فروخت کے باعث اشیاء کے سٹاک اور ڈسپلے کے لئے مناسب انتظام نہیں ہے۔اسی طرح سے گاہکوں کے بیٹھنے اور مطلوبہ اشیاء کے انتخاب کے لئے بھی سازگار ماحول میسر نہیں ہے۔لہذا ان ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے جدید فرنیچر اور رنگ و روغن سے مزین ایک خوبصورت سیل ڈیپارٹمنٹ کا قیام عمل میں لایا گیا۔

ایک دیرینہ شکایت تھی کہ ہماری کتب مارکیٹ میں دستیاب نہیں ہوتیں۔لہذا اس سال مارکیٹ کا ایک بھرپور دورہ کر کے شہر کے اہم بک سٹورز پر مکتبہ انجمن کی کتب رکھوانے کا بندوبست کیا گیا۔دکانداروں نے ہماری کتب کے ڈسپلے کے لئے اپنی مشکلات کا اظہار کیا جس پر مکتبہ نے کتب کے ڈسپلے کے لئے خوبصورت گھومنے والے سٹینڈز تیار کروائے اور مارکیٹ میں لگ بھگ دس مقامات پر رکھوائے گئے۔اس سے یقیناً ہمارے لٹریچر کے بڑے پیمانے پر تعارف میں اضافہ ہوگا۔

تنظیم اسلامی پاکستان کی دعوتی سرگرمیوں کے نتیجے میں .U.A.E کے رفقاء کے تعاون سے گزشتہ سال ہفت روزہ ندائے خلافت کے خریداروں میں لگ بھگ چار ہزار کا اضافہ عمل میں آیا۔اس سے جہاں مکتبہ کی آمدنی میں اضافہ ہوا وہیں کام بھی بے تحاشہ بڑھ گیا۔لیکن مکتبہ اپنے کارکنوں میں صرف ایک کا اضافہ کر کے اس ذمہ داری کو نہایت خوش اسلوبی سے انجام دے رہا ہے۔یہاں ایک بات کا ذکر خصوصیت کے ساتھ کیا جا رہا ہے کہ ''مکتبہ'' اپنے محدود عملہ کے ساتھ جرائد' خصوصاً ہفت روزہ ندائے خلافت کی بروقت ترسیل کا معاملہ کبھی نہ کر سکتا اگر اسے مرکزی انجمن کے دیگر شعبوں کے کارکنوں کا بھرپور تعاون حاصل نہ ہوتا۔اس کے لئے مکتبہ کا سٹاف دیگر شعبوں کے کارکنوں کا ممنون احسان ہے۔

اس سال ''مکتبہ'' نے معمول کے سٹالز کے علاوہ دیگر اہم پروگرامز پر جو کتب و کیسٹس کے سٹالز لگائے ان میں سالانہ اجتماع تنظیم اسلامی پاکستان منعقدہ سادھوکی' فاسٹ انسٹی ٹیوٹ کمپیوٹر میلہ اور مرکزی انجمن کے سالانہ اجلاس کے موقع پر لگائے گئے سٹالز کو خصوصی اہمیت حاصل ہے۔

فروری 03ء کے اواخر میں لاہور شہر سے ساٹھ کلومیٹر دور سادھوکی کے مقام پر منعقد ہونے والے تنظیم اسلامی کے آل پاکستان سہ روزہ اجتماع کے موقع پر مکتبہ نے ایک بھرپور اور خوبصورت سٹال کا اہتمام کیا۔شہر سے دور ہونے کی بنا پر اس بات کو یقینی بنایا گیا کہ وہاں کسی چیز کی کمی یا خامی کا احساس نہ ہو۔اس کے علاوہ سٹال کو خوبصورت اور دیدہ زیب بنانے

© rasailojaraid
© rasailojaraid

کے لئے کئی روز پہلے سے ہی تیاریوں کا آغاز کر دیا گیا۔ اس طرح خوبصورت بینرز اور پلے کارڈوں سے مزین اور ایک طویل وعریض شان دار کاؤنٹر پر مشتمل سٹال کا انعقاد عمل میں آیا۔ دوران اجتماع موسم کی خرابی اور بادوباراں کی آنکھ مچولی کے باوجود مکتبہ اور شعبہ سمع وبصر کے عملے نے ہمہ وقتی اور انتھک محنت کے ساتھ اس سٹال کو کامیاب بنایا۔ اس موقع پر لگ بھگ ڈیڑھ لاکھ روپے کی فروخت ہوئی جبکہ تقریباً 75 ہزار روپے کی ریکوری بھی عمل میں آئی۔

فروری 03ء ہی کے اوائل میں' فاسٹ انسٹی ٹیوٹ آف کمپیوٹر سائنس کے دوروزہ سالانہ فیسٹیول کے موقع پر مکتبہ نے (شعبہ سمع وبصر کے اشتراک سے) اپنی CDs کا ایک خوبصورت سٹال لگایا۔ اس موقع پر جہاں لگ بھگ ساڑھے چار سو VCDs/CDs فروخت ہوئیں وہیں انفارمیشن ٹیکنالوجی سے تعلق رکھنے والے ہزاروں لوگوں میں ہمارا تعارف ہوا۔ اس موقع پر جب گورنر پنجاب دورہ پر آئے تو وہ خصوصیت سے چند منٹ ہمارے سٹال پر رکے اور ذاتی دلچسپی کا اظہار کرتے ہوئے ضروری معلومات حاصل کیں۔

مکتبہ ایک ایسا شعبہ ہے جہاں خرید وفروخت اور چھوٹی بڑی رقوم کا لین دین معمول کا حصہ ہے۔ لہٰذا ایسے شعبے میں کام کرنے والے کارکنوں کے لئے جہاں اخلاص نیت اور بھرپور قوت ایمانی کی ضرورت ہے وہیں حسابات کی سخت جانچ پڑتال اور سٹاک کی باقاعدہ چیکنگ کے مربوط نظام کی بھی اشد ضرورت ہے۔ الحمدللہ مکتبہ میں یہ نظام بھرپور طور پر موجود ہے۔ جناب داخلی محاسب' چوہدری رحمت اللہ بٹر صاحب سال میں چار مرتبہ سٹاک/ حسابات کی مکمل جانچ پڑتال کرتے ہیں۔ ادارہ محترم چوہدری صاحب کی اس خدمت کے لئے ان کا بے حد ممنون ہے۔

گزشتہ چند سال سے مکتبہ کی مجموعی سیل میں بتدریج اضافہ ہو رہا ہے۔ بے شک آڈیو/ ویڈیو کیسٹس کی فروخت مقابلتاً کم ہوئی ہے لیکن اب اس کی جگہ آڈیو/ ویڈیو CDs کی فروخت میں بہت اضافہ ہو چکا ہے۔ گزشتہ تین برس کی فروخت کا ایک تقابلی جائزہ پیش خدمت ہے۔

| | 2000 - 01ء | 2001 - 02ء | 2002 - 03ء |
|---|---|---|---|
| کتب | 6,53000 | 8,28767 | 7,91,043 |
| کیسٹس/CDs | 11,67,000 | 13,93,475 | 15,97,620 |
| جرائد | 9,20,000 | 11,37,453 | 14,57,735 |
| میزان | 27,40,000 | 33,59,695 | 38,46,398 |

© rasailojaraid.com
© rasailojaraid.com

# شعبہ خط و کتابت کورسز

## شعبہ کا اجراء:

ایسے طلبہ و طالبات اور خواتین و حضرات جو ملک یا لاہور سے باہر ہیں یا جن کے لئے کسی وجہ سے قرآن کالج / قرآن اکیڈمی لاہور میں حاضری ممکن نہیں، ان کے لئے خط و کتابت کورسز ترتیب دیئے گئے ہیں، تاکہ گھر بیٹھے سہولت کے ساتھ اپنے فارغ وقت میں عربی گرامر اور قرآن کی تعلیم حاصل کر سکیں اور درج ذیل کورسز سے استفادہ کر سکیں:

i) قرآن حکیم کی فکری و عملی راہنمائی
ii) ابتدائی عربی گرامر (حصہ اول)
iii) ابتدائی عربی گرامر (حصہ دوم)
iv) ابتدائی عربی گرامر (حصہ سوم)
v) رجوع الی القرآن کورس

© rasailojaraid.com

پہلے کورس کا آغاز جنوری 1988ء میں کیا گیا۔ اس کورس کا مقصد خواتین و حضرات اور طلبہ و طالبات کو قرآن حکیم کے مربوط مطالعے کے ذریعے دین کے جامع اور ہمہ گیر تصور سے متعارف کرانا ہے۔ بفضل باری تعالیٰ یہ کورس خوب زور و شور سے جاری ہے اور اس میں حصہ لینے والوں کی تعداد 3538 تک پہنچ چکی ہے۔ بیرون ملک اس کورس کا اجراء سعودی عرب میں جدہ، مکہ مکرمہ، مدینہ منورہ، ریاض، ظہران اور الواسع میں ہو چکا ہے۔ اس کے علاوہ ابوظہبی، دوبئی، شارجہ، راس الخیمہ، انگلینڈ، فرانس، کینیڈا، امریکہ اور ناروے میں بھی کورس سے استفادہ کیا جا رہا ہے۔

دوسرے کورس عربی گرامر حصہ اول کا اجراء نومبر 1990 میں کیا گیا۔ قرآن حکیم کو سمجھ کر پڑھنے کے لئے ابتدائی عربی گرامر کا جاننا ناگزیر ہے۔ اس کورس کا مقصد یہ ہے کہ عربی گرامر کے ابتدائی اصولوں سے اس حد تک متعارف کرا دیا جائے کہ قرآن اور حدیث سے براہ راست استفادے کے لئے انہیں ایک بنیاد حاصل ہو جائے۔ یہ کورس بھی بہت مقبول ہوا اور اس کے شرکاء کی تعداد 2263 تک پہنچ چکی ہے۔ یہ کورس بھی بیرون پاکستان کئی ملک میں جاری ہو چکا ہے۔

اس کورس کے حصہ دوم کا آغاز بھی اکتوبر 92ء میں کر دیا گیا تھا۔ اس میں طلبہ کی تعداد 308 تک پہنچ چکی ہے۔ جبکہ حصہ سوم کا آغاز مارچ 97ء میں ہوا، اس میں فی الوقت طلبہ کی تعداد 141 ہے۔

© rasailojaraid.com

## ترجمہ قرآن کریم کورس:

1996ء میں شعبہ خط و کتابت کورسز میں ایک نئے کورس بعنوان ''ترجمہ قرآن کریم کورس'' کا اجراء کیا گیا۔ یہ کورس خاص طور پر نوجوانوں کے لئے جاری کیا گیا ہے' یعنی سکول اور کالج کے طلبہ و طالبات جو اردو میں لکھ پڑھ سکتے ہوں۔

آج کل کے مادی دور میں زندگی کا مقصد حصولِ دنیا ہی بنا لیا گیا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ تمام بھگ دوڑ صرف دنیاوی تعلیم کے حصول کے لئے ہوتی ہے اور یوں نئی نسل اکثر و بیشتر قرآن و سنت اور دینی تعلیمات سے بے بہرہ رہ جاتی ہے۔

نوجوانوں' بچوں اور بچیوں کو ترجمہ قرآن سکھانے کے لئے ایک طریقہ وضع کیا گیا ہے۔ ایسے بچے اور بچیاں اپنے گھر میں مناسب اور فارغ (Convenient) وقت میں دس پندرہ منٹ صرف کر کے قرآن کریم کا ترجمہ سیکھ سکتے ہیں اور تقریباً ڈیڑھ سال کے عرصہ میں اسے مکمل کر کے کم از کم قرآنی تعلیمات اور احکامات سے آگاہی حاصل کر سکتے ہیں۔ کورس کے اختتام پر کامیاب طلبہ و طالبات کو سند جاری کی جاتی ہے۔ کورس کی فیس صرف 150 روپے رکھی گئی ہے۔ فروری 1996ء سے اب تک اس کورس میں 1104 طلبہ و طالبات داخلہ لے چکے ہیں اور 99 طلبہ و طالبات کورس مکمل کر کے سند حاصل کر چکے ہیں۔

## ان کورسز کو متعارف کرانے کے لئے اقدام:

ناظم شعبہ خط و کتابت کورسز بڑی جانفشانی اور محنت سے ان کورسز کو چلا رہے ہیں۔ دوران سال انہوں نے ان کورسز کو متعارف کرانے کے لئے مسلسل اقدامات کئے۔ روزنامہ جنگ اور پاکستان میں دو دفعہ اشتہار دیئے گئے' حکمت قرآن اور میثاق میں وقفہ وقفہ سے اشتہارات شائع کئے گئے۔ تنظیم کے امراء اور نقباء کے علاوہ لاہور کی بڑی بڑی لائبریریوں کے انچارجز کو خطوط لکھے گئے۔ اس کورس کے اشتہارات پنجاب یونیورسٹی کے شعبہ جات' ہاسٹلز اور جامع مسجد میں نوٹس بورڈوں پر چسپاں کئے گئے۔ اس کے علاوہ انہوں نے اپنے احباب اور ہم خیال دوستوں کو اس سلسلے میں ذاتی خطوط بھی تحریر کئے۔ مرکزی انجمن سے منسلک انجمنوں کراچی' ملتان' فیصل آباد اور پشاور کو بھی ان کورسز سے متعارف کرایا۔ اس کے علاوہ ذاتی طور پر مختلف پروگراموں میں لیکچرز کے ذریعے ان کورسز کا تعارف کرایا اور پراسپکٹس اور داخلہ فارم تقسیم کئے۔ ان کی ان کاوشوں کے نتیجے میں ان کورسز کے شرکاء کی تعداد دوران سال مندرجہ ذیل رہی۔

© rasailojaraid.com
© rasailojaraid.com

## دوران سال داخلہ لینے اور کورسز مکمل کرنے والوں کی تعداد:

| | جولائی 01ء تا جون 02ء | جولائی 02ء تا جون 03ء |
|---|---|---|
| **1) قرآن حکیم کی فکری و عملی راہنمائی کورس:** | | |
| ا) دوران سال داخلہ لینے والوں کی تعداد | 67 | 67 |
| ب) دوران سال کورس مکمل کرنے والوں کی تعداد | 14 | 12 |
| **2) عربی گرامر کورس (حصہ اول):** | | |
| ا) دوران سال داخلہ لینے والوں کی تعداد | 121 | 128 |
| ب) دوران سال کورس مکمل کرنے والوں کی تعداد | 32 | 17 |
| **3) عربی گرامر کورس (حصہ دوم):** | | |
| ا) دوران سال داخلہ لینے والوں کی تعداد | 20 | 19 |
| ب) دوران سال کورس مکمل کرنے والوں کی تعداد | 17 | 12 |
| **4) عربی گرامر کورس (حصہ سوم):** | | |
| ا) دوران سال داخلہ لینے والوں کی تعداد | 16 | 08 |
| ب) دوران سال کورس مکمل کرنے والوں کی تعداد | 07 | 06 |
| **5) ترجمہ قرآن کریم کورس:** | | |
| ا) دوران سال داخلہ لینے والوں کی تعداد | 153 | 150 |
| ب) دوران سال کورس مکمل کرنے والوں کی تعداد | 21 | 18 |

☆☆☆

© rasailojaraid.com
© rasailojaraid.com

# شعبہ سمع و بصر

## ا۔ معمول کی سرگرمیاں

الحمدللہ گزشتہ کئی برسوں سے شعبہ سمع و بصر اپنی ذمہ داریاں بخوبی انجام دے رہا ہے۔گزشتہ سال کے دوران بھی اس شعبہ میں حسب معمول انتہائی اہم امور سرانجام دیئے گئے۔مکتبہ انجمن کو ڈیمانڈ کے مطابق آڈیو' وڈیو کیسٹ اور سی ڈیز فراہم کی گئیں۔محترم صدرِ مؤسس کے خطابات، دروس اور دیگر تقاریر کی ریکارڈنگ کی گئی۔انجمن کے تحت ہونے والے تمام پروگراموں میں ساؤنڈ سسٹم مہیا کیا گیا۔گزشتہ سال کے دوران درج ذیل کی تعداد میں آڈیو وڈیو کیسٹس اور سی ڈیز تیار کر کے مکتبہ کو فروخت کیلئے دی گئیں:

آڈیو کیسٹس: 20,500 وڈیو کیسیٹس: 1,450

سی ڈیز اور وڈیو سی ڈیز: 28,467

دورۂ ترجمہ قرآن 1998ء کو بحمداللہ قبول عام حاصل ہوا ہے۔اس کی وڈیو ریکارڈنگ کو پچھلے دو سال سے سیٹلائٹ پر دکھایا جا رہا ہے۔اسی طرح کیبل پر بھی بہت سی کمپنیاں اس پروگرام کو روزانہ چلا رہی ہیں۔اس کے آڈیو و وڈیو کیسیٹس، سی ڈیز اور وی سی ڈیز بھی بڑی تعداد میں پھیل رہے ہیں۔اسی طرح مطالعہ قرآن حکیم کے منتخب نصاب کو بھی براڈ کاسٹ کوالٹی پر تیار کرنے کا کام شروع ہو گیا ہے اور مئی 2002ء سے اتوار کے روز سے باقاعدہ منتخب نصاب کے دروس کا آغاز ہو گیا ہے اور اس کی ڈیجیٹل ریکارڈنگ کی جا رہی ہے۔اب تک اس کی 106 وڈیو سی ڈیز تیار ہو چکی ہیں۔الحمدللہ اسے بھی قبول عام حاصل ہو رہا ہے اور اسے دورۂ ترجمہ قرآن کی طرح مختلف کیبل کمپنیاں روزانہ چلا رہی ہیں۔

## ۲۔ نئی سی ڈیز

**❁ دورۂ ترجمہ قرآن ACD:**

صدر مؤسس کے دورہ ترجمہ قرآن کو بہت سراہا گیا ہے۔لوگوں کی طرف سے اور خصوصی طور پر امریکہ میں مقیم پاکستانی حضرات کی طرف سے کافی عرصے سے اس بات کا مطالبہ کیا جا رہا تھا کہ دورۂ ترجمہ قرآن 1998ء کو آڈیو سی ڈیز پر منتقل کیا جائے۔لہٰذا اس پراجیکٹ پر کام شروع کیا گیا اور ایک ماہ کے قلیل وقفہ میں اسے پایہ تکمیل تک پہنچایا گیا

© rasailojaraid.com

ہے۔اس کی بھی 108 سی ڈیز تیار ہو چکی ہیں اور اسے بھی ویڈیو سی ڈیز کی طرح بہت قبول عام حاصل ہوا ہے۔

### نئی ویڈیو سی ڈیز:

امسال شعبہ سمع و بصر نے صدر مؤسس کے متفرق خطابات' لیکچرز اور دروس کو' جو کہ ڈیجیٹل کیسٹس پر موجود ہیں' ویڈیو سی ڈیز پر منتقل کیا گیا۔لوگوں کی طرف سے اس کوشش کو بہت سراہا اور پسند کیا گیا۔ان کی تفصیل درج ذیل ہے۔

i) عظمت مصطفیٰ ﷺ ii) ختم نبوت اور تکمیل رسالت iii) متاع الغرور

iv) نجات کی راہ v) توبہ کی عظمت اور تاثیر

vi) شادی بیاہ کی تقریبات میں اصلاحات vii) ابلیس کی مجلس شوریٰ

viii) خدمت خلق کا قرآنی تصور ix) جہاد فی سبیل اللہ کے مراحل اور لوازم

x) قائداعظم اور علامہ اقبال کا "نظریہ پاکستان"

xi) منتخب نصاب (قرآن حکیم کے منتخب مقامات کے دروس) 106 سی ڈیز

### نئی ڈیٹا سی ڈیز:

i) **خطابات جمعہ والیم V**: اس سال شعبہ سمع وبصر نے صدر مؤسس کے خطابات جمعہ 10 مئی 2002ء تا 12 فروری 2003ء کو سی ڈیز پر منتقل کیا۔اس میں خطبات عیدین بھی شامل کیے گئے ہیں۔

ii) **جرائد 2002ء**: سال 2002 کے تمام میثاق' حکمت قرآن اور ندائے خلافت کے تمام انٹرنیٹ ایڈیشنز کو ایک ہی سی ڈی پر یکجا کر دیا گیا ہے۔

iii) **توبہ کی عظمت اور تاثیر**: اس سال سے شعبہ سمع وبصر نے آڈیو سی ڈیز پر بھی کام کا آغاز کر دیا ہے اور اس سلسلے کی پہلی سی ڈی صدر مؤسس کی ایک انتہائی جامع تقریر "توبہ کی عظمت اور تاثیر" کی تیار کی گئی۔اور جیسا کہ شروع میں بیان کیا جا چکا ہے' دورۂ ترجمہ قرآن 1998ء کی آڈیو سی ڈیز بھی تیار کی جا چکی ہیں جو کہ 108 سی ڈیز کے سیٹ کے طور پر دستیاب ہیں۔

## ۳۔سیٹلائیٹ چینلز کی معاونت:

i) QTV (قرآن ٹی وی) کے نام سے ایک نیا سیٹلائیٹ چینل ARY نے شروع کیا

© rasailojaraid.com
© rasailojaraid.com
© rasailojaraid.com

ہے۔اس سلسلے میں انہیں صدر مؤسس کی تمام ڈیجیٹل کیسیٹس فراہم کی گئی ہیں جو کہ وہ باقاعدگی سے نشر کر رہے ہیں۔

ii) ARY Digital کو بھی صدر مؤسس کا دورہ ترجمہ قرآن 1998ء کی ڈیجیٹل کیسیٹس فراہم کی گئی ہیں جنہیں وہ باقاعدگی سے نشر کر رہے ہیں۔اسی طرح منتخب نصاب کی ڈیجیٹل کیسیٹس بھی فراہم کی گئی ہیں جنہیں وہ مستقبل قریب میں دکھانا شروع کر دیں گے۔

iii) ڈاکٹر ذاکر نائک صاحب کو بھی صدمؤسس کی تمام ڈیجیٹل کیسیٹس فراہم کی گئی ہیں جنہیں وہ انڈیا میں موجود مختلف چینلز پر نشر کر رہے ہیں۔

iv) SPTV پر چلنے والے چینل الاسلام کو صدمؤسس کی تمام ویڈیو سی ڈیز مہیا کی گئی ہیں جنہیں وہ باقاعدگی سے نشر کر رہے ہیں۔یہ چینل پورے لاہور میں دیکھا جا رہا ہے اور بہت جلد اسلام آباد اور کراچی میں بھی دیکھا جا سکے گا۔الاسلام چینل کو محترم عارف رشید صاحب کے خطاب جمعہ کی سی ڈیز مہیا کی جاتی ہیں جنہیں وہ بھی باقاعدگی سے نشر کر رہے ہیں۔

© rasailojaraid.

## ۴۔جاری پراجیکٹ:

i) محترم صدر مؤسس کے انگریزی دورۂ ترجمہ قرآن کی آڈیو سی ڈیز پر کام جاری ہے۔

ii) محترم صدمؤسس کا ایک نہایت اہم خطاب ''حقیقت واقسام شرک'' جو کہ چھ گھنٹے پر محیط ہے'اس کی بھی آڈیو سی ڈیز پر کام جاری ہے۔

iii) محترم صدر مؤسس کے دورۂ ابوظہبی 1985ء کے پروگرام کو ویڈیو سی ڈیز پر منتقل کرنے کا کام جاری ہے۔

iv) تنظیم اسلامی کی نئی ویب سائیٹ پر کام جاری ہے۔ان شاء اللہ وہ بہت جلد انٹرنیٹ پر upload ہو جائے گی۔

## ۵۔انٹرنیٹ کا استعمال:

### i) معمول کی سرگرمیاں:

گزشتہ سال کے دوران بھی بحمد اللہ مؤسسؒ اور ڈائریکٹر انجمن کے خطابات اور منتخب دروس انٹرنیٹ پر تنظیم اسلامی کی ویب سائٹ پر نشر ہوتے رہے۔اسی طرح نئے مضامین اور پریس ریلیز بھی ویب سائٹ پر آویزاں کئے گئے۔ای میلز کی روزانہ وصولی اور ان کے جوابات ارسال کئے گئے۔

© rasailojaraid.

بحمد اللہ انٹرنیٹ کی سہولت سے محترم صدر مؤسس کے خطبات وتقاریر ہزاروں کی تعداد میں لوگ ہر ہفتہ نہ صرف انٹرنیٹ پر سنتے ہیں بلکہ اس کی آڈیو کیسیٹس بنا کر وسیع پیمانے پر تقسیم کرتے ہیں۔ان خطابات کے علاوہ انٹرنیٹ پر صدر مؤسس کا مکمل دورۂ ترجمہ قرآن' منتخب نصاب اردو اور منتخب نصاب انگریزی تمام کا تمام سماعت کے لئے دستیاب ہے۔علاوہ ازیں صدر مؤسس کی کئی انگریزی تصانیف بھی ویب سائٹ پر دستیاب ہیں۔دیگر حضرات کے اہم مقالہ جات بھی افادۂ عام کے لئے سائٹ پر رکھے گئے ہیں۔مرکزی انجمن و تنظیم اسلامی کے جرائد میثاق' حکمت قرآن اور ندائے خلافت کے انٹرنیٹ ایڈیشن بھی باقاعدگی سے ویب سائٹ پر اپ لوڈ کئے جاتے رہے۔

## ۶۔ تکنیکی معاونت:

مرکزی انجمن کے کمپیوٹر سے متعلق دیگر شعبہ جات جن میں قرآن کالج لاہور' شعبہ تصنیف و تالیف' شعبہ انگریزی اور مکتبہ شامل ہیں، ان تمام کو شعبہ سمع و بصر کمپیوٹر سے متعلق تمام معاملات ،جن میں خرابی کی درستگی یا نئے آلات کی خریداری شامل ہیں، میں ہارڈ ویئر اور سافٹ ویئر دونوں لحاظ سے تکنیکی معاونت فراہم کرتا ہے۔تمام شعبہ جات کو networking کے ذریعے آپس میں منسلک کیا گیا اور متعلقہ شعبہ کو انٹرنیٹ کی سہولت مہیا کی گئی۔

## ۷۔ IT سیکشن:

شعبہ سمع و بصر کے بڑھتے ہوئے کام کے پیش نظر شعبہ کے IT سیکشن کے دفاتر کو نئی جگہ پر منتقل کرنے کا فیصلہ کیا گیا تھا۔اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے اب IT سیکشن نئے دفتر میں منتقل ہو گیا ہے اور سرگرم عمل ہے۔IT سیکشن میں کام کے بڑھتے ہوئے رجحان کے پیش نظر آڈیو اور ویڈیو capturing کے لئے نئے کمپیوٹرز خریدے گئے۔اسی طرح صدر مؤسس کے دورۂ ابو ظہبی 1985ء کے پروگرام کو ویڈیو سی ڈی پر منتقل کرنے کے لئے' جو کہ VHS کیسیٹس پر مشتمل ہے' اور اس کی کوالٹی کو بہتر بنانے کے لئے خصوصی طور پر ایک ویڈیو capturing کارڈ خریدا گیا۔

شعبہ سمع و بصر پہلے سی ڈیز کی duplication باہر سے کرواتا تھا جس میں خرچہ بھی کافی آتا تھا اور کوالٹی بھی متاثر ہوتی تھی۔لہٰذا اس سال سی ڈیز کی اپنے پاس تیاری کے لئے سی ڈی کاپیر (copier) خریدا گیا اور شعبہ نے اپنے پاس ہی سی ڈیز کی تیاری شروع کر دی

© rasailojaraid.
© rasailojaraid.

ہے۔اس مقصد کے لئے امپورٹڈ سی ڈیز استعمال کی جا رہی ہیں۔ان کی کوالٹی کا خصوصی طور پر خیال رکھا جاتا ہے اور پیکنگ پر خاص توجہ دی جا رہی ہے۔

## ۸۔ ریکارڈنگ سیکشن:

IT سیکشن کی طرح ریکارڈنگ سیکشن کے لئے بھی علیحدہ دفتر کا انتظام کیا گیا۔آڈیو اور ویڈیو کیسٹس کو رکھنے کے لئے خصوصی طور پر ریکس بنائے گئے اور ان کی کوڈنگ کی گئی۔اب تمام کیسٹس اور ویڈیو کیسٹس پر کمپیوٹرائزڈ لیبلنگ کی جاتی ہے۔اس سال شعبہ نے دو ڈیجیٹل کیمرے خصوصی طور پر صدر مؤسس کے منتخب نصاب کی ریکارڈنگ کے لئے خریدے ہیں۔

## ۹۔ دیگر متفرق سرگرمیاں:

(i) کوالٹی کنٹرول:

© rasailojaraid.com

گزشتہ سال کی طرح اس سال بھی شعبہ میں کوالٹی کنٹرول کا خاص خیال رکھا گیا۔ریکارڈ شدہ کیسٹس کو مختلف جگہوں سے سنا جاتا ہے اور اس کے بعد ان کو ریپر میں سیل کر دیا جاتا ہے تاکہ کیسٹ مٹی، نمی وغیرہ سے متاثر نہ ہو۔اسی طرح سی ڈیز کو بھی مختلف مراحل پر سنا اور دیکھا جاتا ہے تاکہ ان کی کوالٹی کو چیک کیا جا سکے۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ہماری ان کوششوں کو شرف قبولیت عطا فرمائے۔آمین!

☆☆☆

# قرآن کالج لاہور

## 1) نئے داخلے:

(i) کالج میں ایف اے، آئی کام، ایف اے جنرل سائنس اور آئی۔سی۔ایس کے داخلے جولائی میں شروع ہوئے اور اگست میں مکمل ہوئے۔ان کلاسوں میں طلبہ کی کل تعداد 73 تھی، جن میں سے آئی کام 37، آئی سی ایس 19، ایف اے 12 اور ایف اے جنرل سائنس کے 5 طلبہ داخل ہوئے۔

(ii) بی اے سال اول کے داخلے نومبر کے وسط میں ہوئے۔اس سال بی اے میں داخل ہونے والے طلبہ کی تعداد 11 تھی۔

© rasailojaraid.com

## 2) اسلامک جنرل نالج ورکشاپ:

حسب سابق اس مرتبہ بھی میٹرک کے امتحانات سے فارغ طلبہ کے لئے دینی معلوماتی ''اسلامک جنرل نالج ورکشاپ'' کا اہتمام کیا گیا۔اس ورکشاپ کا دورانیہ 12 مئی تا 14 جون 2003ء تھا۔اس میں شریک ہونے والے طلبہ کی تعداد 39 تھی۔اس ورکشاپ میں پہلی' دوسری اور تیسری پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ کو ایک خصوصی تقریب میں نقد انعامات دیئے گئے۔تقریب کی صدارت ناظم قرآن کالج محترم حافظ عاکف سعید صاحب نے فرمائی۔

## 3) ماہانہ و دیگر امتحانات:

کالج میں ہر کلاس کے ماہانہ امتحانات باقاعدگی سے منعقد ہوئے۔ششماہی امتحان جنوری 2003ء میں منعقد ہوا۔

## 4) بورڈ کے امتحانات:

بورڈ کے امتحان منعقدہ مئی 2002ء میں کالج کی طرف سے 92' طلبہ نے شرکت کی۔ان میں آئی سی ایس سال اول 28' آئی سی ایس سال دوم 20' ایف اے سال اول 10' ایف اے سال دوم 2' آئی کام سال اول 17' آئی کام سال دوم 4' ایف اے جنرل سائنس سال اول 3 اور ایف اے جنرل سائنس سال دوم کے 8 طلبہ شامل تھے۔ایف اے فائنل کے کل 34 طلبہ امتحان میں شریک ہوئے' ان میں سے 18 طلبہ پاس ہوئے اور تقریباً 53% نتیجہ رہا۔ان میں سے اول' دوم اور سوم آنے والے طلبہ نے بالترتیب 690 , 686 اور 655 نمبر حاصل کیے۔

بورڈ کے امتحان منعقدہ مئی 2003ء میں کالج کی طرف سے 97 طلبہ نے امتحان میں شرکت کی۔ان میں سے ایف اے سال اول 10' آئی سی ایس سال اول 10' آئی کام سال اول 27' ایف اے فائنل 08' آئی سی ایس فائنل 23' ایف اے جنرل سائنس فائنل ایئر 03' آئی کام فائنل 10 اور ایف اے فائنل پرائیویٹ 6 طلبہ شریک ہوئے۔

## 5) ہفتہ وار درس قرآن مجید کا انعقاد:

سال کے دوران مختلف موضوعات پر ہفتہ وار درس قرآن مجید کا انعقاد ہوتا رہا ہے' جس میں جملہ اساتذہ کرام اور طلبہ کی شرکت لازمی ہوتی ہے۔درس قرآن مجید کے لئے کالج کے اساتذہ کے علاوہ بیرونی مدرسین کی خدمات بھی گاہے بگاہے حاصل کی جاتی ہیں۔

© rasailojaraid

## 6) سالانہ ٹور:

کالج ھذا نے مارچ 2003ء کے آخری ہفتہ میں تین روزہ تفریحی ومطالعاتی ٹور کا اہتمام کیا جس کے لئے وادی سوات کا انتخاب کیا گیا۔ اس ٹور میں 68 طلبہ اور 07 سٹاف ممبرز نے شرکت کی۔ بیشتر طلبہ کا کسی پہاڑی مقام کا یہ پہلا ٹور تھا۔ میاندم میں رہائش رفیق تنظیم اسلامی جناب ڈاکٹر محمد اقبال صافی صاحب کے بنگلہ میں رکھی گئی۔ طلبہ اس ٹور میں بحرین، مدین، میاندم اور مالم جبہ کے پر فضا اور حسین مناظر سے خوب لطف اندوز ہوئے۔

## 7) سالانہ تقریب تقسیم انعامات:

کالج میں مورخہ 29 مئی 2003ء کو سالانہ تقریب تقسیم انعامات منعقد ہوئی۔ تقریب کے مہمان خصوصی ڈاکٹر ابصار احمد صاحب تھے۔ بانی تنظیم اسلامی محترم ڈاکٹر اسرار احمد صاحب نے بھی خطاب فرمایا۔ آپ نے بورڈ اور کالج کے سالانہ امتحانات میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے طلبہ میں اسناد اور ٹرافیاں تقسیم کیں۔ اس کے بعد مہمان خصوصی نے سالانہ کھیلوں میں اول، دوم اور سوئم آنے والی ٹیموں میں انفرادی انعامات تقسیم کئے۔ سالانہ کھیلوں میں فٹ بال، کرکٹ، والی بال، رسہ کشی اور ٹیبل ٹینس کی ٹیموں میں ٹرافیاں اور اسناد تقسیم کی گئیں انہی کھیلوں میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے طلبہ میں انفرادی انعامات تقسیم کئے گئے۔ اس کے علاوہ نعت، کلام اقبال اور تقریری مقابلوں میں پوزیشنیں حاصل کرنے والے طلبہ میں بھی انعامات تقسیم کئے گئے۔

© rasailojaraid.c

## 8) اساتذہ کرام کے لئے ریفریشر کورس:

ماہ اپریل 2003ء میں قرآن کالج کے اساتذہ کرام کے لئے ایک ریفریشر کورس کا اہتمام کیا گیا جس میں محترم ڈاکٹر اسرار احمد صاحب کے مختلف موضوعات پر ویڈیو دکھائے گئے۔ اس کے علاوہ تدریس کے جدید طریقہ ہائے کار Teaching Methodolgy اور بالخصوص انگریزی زبان کی تدریس کی (Methodolgy) پر خصوصی لیکچر دیئے گئے۔ نیز اساتذہ کو عربی اور تجوید بھی پڑھائی گئی جس کی تفصیل مندرجہ ذیل ہے۔

۱) عربی: اسم کی حالت، جنس، عدد، اسم بلحاظ وسعت، مرکب توصیفی، جملہ اسمیہ، مرکب اضافی، حرف ندا، مرکب جاری، مرکب اشاری

۲) تجوید: i) قواعد کے لئے نورانی قاعدہ ii) تیسویں پارے سے آخری دس سورتیں

© rasailojaraid.c

۳)ویڈیو کیسٹ: محترم ڈاکٹر اسرار احمد صاحب کے مختلف موضوعات پر مندرجہ ذیل ویڈیو کیسٹ دکھائے گئے:(۱)فتنہ دجال اور دجال اکبر (۲) فرائض دینی کا جامع تصور (۳)بیسویں صدی کی احیائی تحریکوں کی ناکامی کے اسباب (۴)جہاد فی سبیل اللہ (۵) منہج انقلاب نبوی (۶) خطبات خلافت

۴)تدریسی طریقہ ہائے کار پر خصوصی لیکچرز: تعلیمی نفسیات' جدید طریقہ تدریس (بزبان انگریزی)
Communicative Approach
SD Krashen's Natural Approach to Second Language Acquisition
کلاس روم میں استعمال ہونے والے جدید تدریسی نظریات وغیرہ۔ اس کورس کا دورانیہ تقریباً ایک ماہ تھا۔ اساتذہ کرام نے اس کورس کو نہایت مفید اور عمدہ قرار دیا۔ کورس کے اختتام پر شرکاء کو سرٹیفکیٹ دیئے گئے۔

© rasailojaraid.c

## 9) رجسٹریشن ولاہور بورڈ سے الحاق:

محکمہ تعلیم پنجاب سے کالج کی رجسٹریشن اور لاہور بورڈ سے **Affiliation** کئی سال قبل ہوگئی تھی۔ محکمہ تعلیم سے کالج کی رجسٹریشن **2005**ء تک ہے۔ جبکہ بورڈ کے ساتھ الحاق(**Affiliation**)میں ہر سیشن کے بعد توسیع کروانی پڑتی ہے اور اس سیشن کی توسیع **2004**ء تک ہوچکی ہے۔

## 10) کالج لائبریری:

کالج لائبریری میں اس وقت مختلف موضوعات پر کل **2286** کتب موجود ہیں دوران سال **16** کتابوں کا اضافہ ہوا جو کہ بازار سے خریدی گئیں۔

☆☆☆

# ہاسٹل قرآن کالج

## تعارف:

قرآن کالج جیسے تعلیمی ادارے میں ہاسٹل کو بنیادی اہمیت حاصل ہے۔ اس کالج کے طلبہ کی اکثریت ہاسٹل سے تعلق رکھتی ہے جو ملک کے کونے کونے سے حصول علم کے ساتھ ساتھ دینی

© rasailojaraid.c

تربیت کے حصول کے لئے یہاں داخلہ لیتی ہے۔ قرآن کالج ہاسٹل نہ صرف ایک اقامتی ادارہ ہے بلکہ یہاں اسلامی اصولوں کے تحت طلبہ کی تربیت کا بھی خصوصی انتظام ہوتا ہے اور یہی ہمارے ہاسٹل کی امتیازی شان ہے۔ جہاں تک سہولیات کا تعلق ہے، تو اس لحاظ سے بھی ہمارا ہاسٹل جدید ترین ہاسٹلوں سے کسی لحاظ سے بھی کم نہیں ہے۔

ہماری ہاسٹل انتظامیہ کا مرتب کردہ تربیتی نظام طلبہ کی زندگیوں پر گہرے، دیرپا اور دوررس اثرات مرتب کرتا ہے۔

## عمارت:

ہاسٹل میں 14 عدد بڑے کمرے اور 12 عدد چھوٹے کمرے ہیں۔ بڑے کمروں میں چار چار طلبہ اور چھوٹے کمروں میں دو دو طلبہ کو ٹھہرایا جاتا ہے۔ بڑے کمروں میں ایک کمرہ کامن روم اور ایک سپورٹس روم بنایا گیا ہے اور ایک کمرے کو مہمان خانہ بنایا گیا ہے تا کہ وقتاً فوقتاً طلبہ اور ملازمین کے آنے والے عزیزوں کے ٹھہرانے میں کسی قسم کی پریشانی نہ ہو۔ اس مقصد کے لئے چار عدد بیڈ اور بستر کا بندوبست بھی کیا گیا ہے۔

کمروں میں سے ایک کمرہ اسسٹنٹ وارڈن صاحب کے زیر استعمال ہے۔ ایک کمرہ میں ڈسپنسر اور الیکٹریشن رہائش پذیر ہیں اور ایک کمرہ کو بطور وارڈن آفس استعمال کیا جارہا ہے۔

## طلبہ کی تعداد:

ہاسٹل میں 70 طلبہ کی رہائش کا بندوبست ہے۔ البتہ ہنگامی حالات کے دوران اس گنجائش میں توسیع بھی کی جاسکتی ہے۔ یکم جولائی 2002ء تا 30 جون 2003ء کے عرصہ میں تقریباً 65 طلبہ رہائش پذیر رہے۔

## ہاسٹل سٹاف:

اس وقت ہاسٹل میں درج ذیل سٹاف ہمہ وقت فرائض انجام دے رہا ہے (۱) ناظم ہاسٹل (۲) وارڈن (۳) اسسٹنٹ وارڈن (۴) میس کلرک (۵) باورچی دو عدد (۶) معاون باورچی ایک عدد (۷) خاکروب ایک عدد (۸) چوکیدار/قاصد تین عدد (۹) مالی۔

## اخراجات ہاسٹل:

ہاسٹل میں رہائش کے خواہشمند طلبا کو درج ذیل اخراجات برداشت کرنا ہوتے ہیں۔

© rasailojaraid.c

ڈارمیٹری (فورسیٹر) :اس کمرے میں چار طلبہ کو ٹھہرایا جاتا ہے۔اس کے اخراجات درج ذیل ہیں:

کرایہ 350 'یوٹیلیٹی چارجز 200 'ٹوٹل -/550 روپے

بائی سیٹر :اس کمرے میں دو طلبہ کو ٹھہرایا جاتا ہے۔اور اخراجات درج ذیل ہیں:

کرایہ فی کس 500 'یوٹیلیٹی چارجز 200 'ٹوٹل -/700 روپے

مزید برآں ہاسٹل میں داخلہ لیتے وقت ہر طالب علم سے -/1000 روپے بطور میس ایڈوانس وصول کیے جاتے ہیں' جو قابل واپسی ہوتے ہیں۔کھانے کے اخراجات حاضری سسٹم کی بنیاد پر وصول کیے جاتے ہیں۔اس کے علاوہ ہر طالب علم سے ہاسٹل کی سیکورٹی کی مد میں -/250 روپے وصول کیے جاتے ہیں اور یہ بھی قابل واپسی ہوتے ہیں۔

## معمولات ہاسٹل:

ہاسٹل میں مقیم طلبہ نیز ہاسٹل کے ملازمین کو نماز پنجگانہ باجماعت کی پابندی کا لازماً اہتمام کرنا ہوتا ہے۔ نماز باجماعت میں ہاسٹل کے جملہ مقیمین کی حاضری یقینی بنانے کی غرض سے چند طلبہ پر مشتمل اقامت صلوۃ کے نام سے ایک کمیٹی تشکیل دی گئی ہے جو فجر کی اذان کے ساتھ ہی طلبہ کو جگاتی ہے۔فجر کی نماز سے پہلے میس ہال میں تمام طلبہ کو قرآن مجید کی تین سے چار آیات تجوید کے ساتھ پڑھائی جاتی ہیں اور اس کا ترجمہ بھی سکھایا جاتا ہے۔ جماعت کھڑی ہونے سے پانچ منٹ قبل تمام طلبہ باجماعت نماز کی ادائیگی کے لئے مسجد میں پہنچ جاتے ہیں۔نماز کی ادائیگی کے بعد تمام طلبہ کو چار چار یا پھر پانچ پانچ کے گروپوں میں بانٹ دیا جاتا ہے اور وہ آپس میں ان آیات کریمہ کے بارے میں ایک دوسرے سے مذاکرہ کرتے ہیں' ان کے معنی و مفہوم کو یاد کرتے ہیں۔نماز اور تلاوت کے بعد مارننگ P - T کا پروگرام ہوتا ہے جس کے لئے .D.P.E کا انتظام کیا گیا ہے۔

کالج ٹائم شروع ہونے سے 45 منٹ قبل طلبہ کو ناشتہ دیا جاتا ہے۔ناشتہ کے بعد تمام طلبہ کو کالج بھیجا جاتا ہے۔ظہر کی نماز اور کھانے سے فارغ ہونے کے بعد عصر تک طلبہ آرام کے لئے فارغ ہوتے ہیں۔

عصر کی نماز کے بعد مغرب تک طلبہ مختلف کھیلوں میں مصروف رہتے ہیں اور مغرب کی نماز کے بعد عشاء کی اذان تک ہوم ورک کلاس ہوتی ہے' جس کے لئے کالج کھول دیا جاتا ہے۔نگرانی کے لئے ہاسٹل وارڈن خود ان کے پاس موجود ہوتے ہیں جو لڑکوں کی نگرانی کے ساتھ ساتھ پڑھائی

© rasailojaraid
© rasailojaraid
© rasailojaraid

© rasailojaraid.com



میں بھی مدد کرتے ہیں۔

عشاء کی نماز کے بعد کھانا ہوتا ہے۔ کھانے کے بعد طلبہ کو تقریباً آدھ گھنٹہ کے لئے واک کی اجازت ہوتی ہے۔ بعدازاں گیٹ بند ہونے کے بعد تمام طلبہ دوبارہ میس ہال میں جمع ہو جاتے ہیں' جہاں ان کو نماز' روزہ اور دیگر ارکان اسلام کی اہمیت پر مشتمل احادیث کا درس دیا جاتا ہے۔ اس کے بعد تمام طلبہ اپنے اپنے کمروں میں مطالعہ کرتے ہیں۔ ٹھیک رات گیارہ بجے ہاسٹل کی تمام لائٹیں بند کر دی جاتی ہیں۔ اگر کسی طالب علم نے مزید پڑھنا ہو تو وہ کمرے کی بجائے کامن روم میں بیٹھ کر پڑھ سکتا ہے تاکہ اس کی وجہ سے دوسرے لڑکے ڈسٹرب نہ ہوں۔

## متفرقات:

ہاسٹل کے مختلف عناصر میں سے میس کو اہم ترین عنصر کی حیثیت حاصل ہے۔ چنانچہ ہم نے طلبہ کو متوازن اور ان کا پسندیدہ کھانا مہیا کرنے کی غرض سے مختلف کلاسوں پر مشتمل ایک کمیٹی بنائی ہے جس کا کام اپنا پسندیدہ مینو مرتب کر کے ہاسٹل وارڈن کے حوالے کرنا ہوتا ہے۔ مینو کا ہر پہلو سے جائزہ لینے کے بعد بازار سے تھوک کے حساب سے سودا خریدنے کا اہتمام کیا جاتا ہے۔ سودے کی خریداری' حاضری سسٹم کا جائزہ اور اس کی نگرانی کا کام اسسٹنٹ وارڈن کرتے ہیں۔ تینوں وقت کے معیاری کھانے کے ماہوار چارجز فی کس تقریباً -/800 روپے ہوتے ہیں۔

طلبہ کے علاج معالجے کی غرض سے ہاسٹل میں ڈسپنسری کا انتظام بھی کیا گیا ہے' جس میں کوالیفائیڈ ڈسپنسر کی خدمات حاصل کی گئی ہیں۔ اس ڈسپنسری سے طلبہ کے علاوہ محترم اساتذہ صاحبان اور ہاسٹل کا دیگر عملہ بھی استفادہ کرتا ہے۔ ہاسٹل میں کامن روم بھی ہمارے ہاسٹل کا ایک اہم حصہ ہے' جہاں طلبہ کے مطالعاتی ذوق کی تسکین کے لئے مختلف رسائل و جرائد کا انتظام ہوتا ہے۔

ہاسٹل کی صفائی پر بھی خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ ہاسٹل میں زیبائش گملے اور قرآنی دعاؤں پر مشتمل مختلف سائز کے فریم اور تصاویر مختلف جگہوں پر آویزاں کر دی گئی ہیں۔

ہاسٹل میں مانیٹرنگ سسٹم کا بھی انتظام ہے تاکہ طلبہ اپنے معاملات خود حل کرنے کی عادت ڈالیں۔ اس کے لئے مندرجہ ذیل پراکٹوریل سسٹم بنایا گیا ہے۔ (۱) صلوۃ کمیٹی (۲) میس کمیٹی (۳) ڈسپلن کمیٹی (۴) کامن روم و اخبار کمیٹی۔

ہر پندرہ دن کے بعد بروز جمعرات گیٹ بند ہونے کے بعد تمام طلبہ اکٹھے ہوتے ہیں اور بزم ادب کا پروگرام ہوتا ہے۔ اس میں تلاوت قرآن مجید' حمد باری تعالیٰ' نعت رسول مقبولؐ اور کلام اقبال وغیرہ پڑھے جاتے ہیں۔ اس کے علاوہ مختلف موضوعات پر تقریری مقابلہ ہوتا ہے۔

© rasailojaraid.com

اتوار کے دن آڈیٹوریم میں محترم ڈاکٹر اسرار احمد صاحب کا درسِ قرآن ہوتا ہے جس میں تمام طلبہ کی شرکت لازمی ہوتی ہے۔اس سال رمضان المبارک میں دورۂ ترجمہ القرآن سننے کے لئے تمام طلبہ کو قرآن اکیڈمی لے جانے کا اہتمام کیا گیا۔تمام طلبہ نے انتہائی نظم وضبط کا مظاہرہ کیا اور شوق سے شرکت کی۔طلبہ کی راہنمائی اور نگرانی کا فریضہ ہاسٹل وارڈن نے سرانجام دیا۔

☆☆☆

# شعبہ خواتین کی سرگرمیاں

## حلقہ خواتین کا دینی تربیتی کورس:

الحمد للہ حلقہ خواتین کی جانب سے گزشتہ کئی برسوں سے طالبات اور خواتین کی دینی وعملی تربیت کے لئے ریفریشر کورس منعقد کیا جا رہا ہے۔اس کورس کا آغاز 95ء میں کیا گیا تھا۔ اس سال بھی یہ کورس 16 جون تا 13 جولائی منعقد کیا گیا۔اس دفعہ شرکاء کی تعداد 64 تھی' جن میں سے چند ایک کے سوا سب نے کورس مکمل کیا اور اسناد حاصل کیں۔کورس میں شامل مضامین میں ابتدائی عربی گرامر' تجوید (لحن جلی)' منتخب احادیث' قرآن حکیم کا منتخب نصاب اور ارکان اسلام شامل تھے۔پردے سے متعلق قرآنی آیات کی تشریح کی گئی۔اس کے علاوہ میت کے غسل اور تجہیز و تکفین سے متعلق لیکچر دیا گیا اور اسے عملاً کر کے بھی دکھایا گیا۔تمام اساتذہ نے نہایت خلوص اور محنت کے ساتھ کورس مکمل کرایا۔کورس کے اختتام پر تقریب تقسیم اسناد کا اہتمام کیا گیا' جس میں تمام طالبات اور اساتذہ نے اپنے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ تقریباً تمام خواتین کی یہ رائے تھی کہ یہ کورس انتہائی مفید ہے اور ایسے کورسز سارا سال جاری رہنے چاہئیں۔مہمان خصوصی بیگم ڈاکٹر اسرار احمد نے اسناد تقسیم کیں اور دعا کے ساتھ اس تقریب کا اختتام ہوا۔

## استقبال رمضان المبارک:

ہفتہ 2 نومبر 2002ء زیر صدارت بیگم ڈاکٹر اسرار احمد صاحب قرآن آڈیٹوریم میں استقبال رمضان المبارک کا پروگرام منعقد کیا گیا۔اس پروگرام میں خصوصی خطاب صدر موسس مرکزی انجمن جناب ڈاکٹر اسرار احمد صاحب کا ہوا۔محترم ڈاکٹر صاحب نے ''دجالی فتنہ اور عورت'' کے موضوع پر خطاب فرمایا۔خواتین نے جن متفرق موضوعات پر اظہار خیال

© rasailojaraid.

کیا ان میں رمضان قرآن اور دعا' جہاد فی سبیل اللہ کا اصل مفہوم' قرآن سائنس اور پردہ' ہمارا رب ہم سے کیا چاہتا ہے؟ قابل ذکر ہیں۔ یہ پروگرام بہت مفید اور کامیاب رہا' قریباً 700 خواتین نے اس میں شرکت کی۔

## خواتین کا ماہانہ اجتماع:

عرصہ دراز سے ہر انگریزی مہینے کے پہلے ہفتہ (Saturday) کو قرآن اکیڈمی میں خواتین کا ماہانہ اجتماع منعقد کیا جاتا ہے۔ اس میں خواتین کی دینی تربیت اور ان کے علم میں اضافہ کے لئے مختلف پروگرام ترتیب دیئے جاتے ہیں۔ ان پروگرامز میں منتخب نصاب کا درس' درس حدیث' اسلامی مہینوں میں وقوع پذیر ہونے والے واقعات کی مناسبت سے موضوعات اور خواتین کے مسائل شامل ہوتے ہیں۔ اس اجتماع میں قریباً 100 سے 150 خواتین شرکت کرتی ہیں۔

© rasailojaraid.com

## ترجمہ قرآن اور تجوید کی کلاسز:

خواتین ہال میں ہر ہفتہ میں دو دن ترجمہ قرآن اور تجوید کی کلاسز ہوتی ہیں۔ تجوید کے ساتھ منتخب نصاب کی کلاس بھی ہوتی ہے۔ ان اجتماعات میں بھی خواتین کی ایک اچھی تعداد شرکت کر رہی ہے۔

☆☆☆

# صدر مؤسس کا ہفتہ وار درس قرآن

صدر موسس محترم ڈاکٹر اسرار احمد کا درس قرآن اتوار کے روز قرآن آڈیٹوریم میں بہت عرصہ سے جاری ہے اور حاضرین کی ایک بڑی تعداد بہت ذوق وشوق کے ساتھ اس سے مستفید ہو رہی ہے۔ مئی 2002ء سے سلسلہ وار درس قرآن کی بجائے مطالعہ قرآن حکیم کا منتخب نصاب' جو کہ ہماری پوری دعوت کی جڑ اور بنیاد ہے' کا درس شروع کیا گیا اور اس کی براڈ کاسٹ کوالٹی ریکارڈنگ کا اہتمام کیا گیا۔ الحمد للہ یہ کام بہت خوش اسلوبی سے جاری ہے اور اس کو الاسلام چینل سے نشر کیا جا رہا ہے۔ اس طرح ٹی وی ناظرین کی ایک بہت بڑی تعداد تک بھی یہ دعوت پہنچ رہی ہے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے سورۃ الصف تک یہ ریکارڈنگ مکمل ہو چکی ہے۔ شروع میں پینتالیس پینتالیس منٹ کے دو حصوں میں ریکارڈنگ کی جاتی رہی لیکن اب تیس تیس منٹ کے دو حصوں میں یہ ریکارڈنگ ہو رہی ہے'

© rasailojaraid.com

جبکہ آدھا گھنٹہ سوال و جواب کے لئے مختص کیا گیا ہے۔ اس طرح لوگوں میں دلچسپی مزید بڑھ گئی ہے اور اس کے نتیجہ میں ایک بڑی تعداد قرآن آڈیٹوریم میں بھی حاضر ہو رہی ہے۔ قریباً 500 مرد اور 100 سے 150 خواتین اس پروگرام میں شرکت کر رہے ہیں۔

☆☆☆

## دورۂ ترجمۂ قرآن و جامع القرآن

قرآن اکیڈمی کی جامع مسجد جامع القرآن کی یہ خصوصیت ہے کہ 1984ء سے لے کر اب تک نمازِ تراویح کے ساتھ دورۂ ترجمۂ قرآن کا سلسلہ بغیر کسی انقطاع کے الحمدللہ جاری ہے۔ لوگوں کی ایک بڑی تعداد بہت ذوق و شوق کے ساتھ اس پروگرام سے استفادہ کرتی ہے۔ اس سال یہ ذمہ داری محترم ڈاکٹر اسرار احمد صاحب کے بڑے صاحبزادے جناب ڈاکٹر عارف رشید صاحب نے نہایت خوش اسلوبی سے ادا کی۔ پہلے دن افتتاحی خطاب محترم ڈاکٹر اسرار احمد صاحب نے عظمتِ قرآن اور سورۂ فاتحہ کے موضوع پر کیا۔ دورۂ ترجمۂ قرآن کے دوران لوگوں کی ایک بڑی تعداد نے شرکت کی جبکہ آخری عشرے میں یہ تعداد بڑھ کر قریباً 400 - 500 افراد اور قریباً 100 خواتین تک جا پہنچی۔ رمضان المبارک کے دوران محترم صدر مؤسس کا 98ء کا دورۂ ترجمہ قرآن کیبل پر لاہور میں نشر کیا گیا۔ اس طرح بہت سے لوگوں نے گھر بیٹھے اس سے استفادہ کیا۔ اس کے علاوہ قریباً 10 مقامات پر نمازِ تراویح کے ساتھ یا دن میں دورۂ ترجمۂ قرآن کا پروگرام منعقد ہوا۔ اس دفعہ قریباً 65 حضرات نے اعتکاف کی سعادت حاصل کی۔ اس دوران معتکف حضرات کے مطالعہ کے لئے انجمن اور تنظیم کا لٹریچر مہیا گیا۔

جامع القرآن میں نمازِ فجر کے بعد ہفتہ میں چار دن درسِ قرآن اور تین دن درسِ حدیث کا پروگرام جاری رہا۔ شادی بیاہ کے ضمن میں اصلاحی تحریک کو اب بہت پذیرائی حاصل ہو چکی ہے' اس طرح اس سال کے دوران بہت زیادہ محافلِ نکاح اس مسجد میں منعقد کی گئیں۔ علاوہ ازیں اس مسجد میں ناظرہ کلاس اور حفاظ بچوں کی دہرائی کا بندوبست بھی جاری ہے۔

☆☆☆

## ایڈمن

مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور کے شعبہ ایڈمن کے روزمرہ کے معاملات میں

© rasailojaraid.

سٹاف کی نگرانی، ماہوار تنخواہوں کی بروقت تیاری، ڈاک کا باقاعدہ اندارج اور تقسیم، سٹاف کی حاضریوں اور چھٹیوں کا ریکارڈ رکھنا، مختلف نوع کے آفس آرڈرز/نوٹس اور میموز کا اجراء اور ریکارڈ مرتب کرنا، قرآن اکیڈمی ہاسٹل، میس اور مسجد کے انتظامات کی نگرانی، دروس و خطابات اور مختلف پروگرامز کے انتظامی معاملات کی نگرانی کرنا اور ارکان انجمن کے ساتھ رابطہ رکھنا شامل ہیں۔ اس سال ایڈمن نے سمن آباد میں ہبہ شدہ ایک پلاٹ (866۔این، سمن آباد) پر مدرسہ اور مسجد کی تعمیر کے لئے LDA سے نقشہ کی منظوری کرائی اور ڈسٹرکٹ مسجد کمیٹی سے مسجد کی تعمیر کے لئے NOC حاصل کیا۔ ان کاموں کے لئے ایڈمن کو انتھک محنت کرنا پڑی اور الحمدللہ کامیابی حاصل ہوئی۔ علاوہ ازیں ایڈمن نے اپنی معمول کی ذمہ داریاں بھی عمدگی سے ادا کیں۔ حسب ضرورت سرکاری دفاتر سے رابطے بھی جاری رہے۔

☆☆☆

# اکاؤنٹس اور کیش سیکشن

© rasailojaraid.c

شعبہ اکاؤنٹس اور کیش نے نہایت مختصر سٹاف کے باوجود اپنی معمول کی ذمہ داریاں احسن طریقہ سے ادا کیں۔ سالانہ اکاؤنٹس بروقت تیار کئے گئے اور وہ خارجی محاسب، رحمان سرفراز اینڈ کمپنی کو آڈٹ کے لئے پیش کئے گئے۔ خارجی محاسب کے طور پر رحمٰن سرفراز اینڈ کمپنی کی اعزازی خدمات مرکزی انجمن کو اپنے قیام ہی سے حاصل ہیں۔ یہ کمپنی مرکزی انجمن کے سالانہ اکاؤنٹس کو چیک کر کے آڈٹ رپورٹ مرتب کرتی ہے اور بعد ازاں ہمارے اکاؤنٹس کو (آڈٹ رپورٹ کے ہمراہ) CBR سے منظوری کے لئے محکمہ انکم ٹیکس میں submit کراتی ہے۔ مرکزی انجمن، کمپنی کی ان اعزازی خدمات کے لئے میر عبدالرحمٰن صاحب کی بے حد ممنون ہے۔ اللہ تعالیٰ محترم میر صاحب کو بہترین اجر سے نوازے، آمین۔

مرکزی انجمن کو داخلی محاسب کے طور پر چوہدری رحمت اللہ بٹر صاحب کی اعزازی خدمات حاصل ہیں۔ محترم بٹر صاحب نہ صرف سال بھر اکاؤنٹس اور سٹاک رجسٹرز کو چیک کرتے ہیں، بلکہ ہر تین ماہ بعد کتب و کیسٹس کے سٹاک اور دیگر اثاثہ جات کو بھی چیک کرتے ہیں۔ مرکزی انجمن کی انتظامیہ موصوف کی ان خدمات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ اللہ تعالیٰ محترم بٹر صاحب کو بہترین اجر عطا فرمائے۔ آمین!

© rasailojaraid.c

# بیلنس شیٹ برائے سال 2002-2003ء

# Balance Sheet as on 30-06-2003

| Liabilities | | Assets | |
|---|---|---|---|
| 3349000.00 | فکسڈ فنڈ موسسین، محسنین اور مستقل اراکین کی یکمشت ادائیگی | 30933037.28 | مستقل اثاثہ جات و سرمایہ کاری |
| | | 1802494.06 | مکتبہ مرکز الحق |
| 26000000 | فکسڈ اثاثہ جات فنڈ | 3787.56 | اسٹاک وسٹورز |
| 42145.00 | تعلیمی قرضہ فنڈ | 294495 | پیشگی رقوم و دیگر واجب الوصل رقم |
| 18387 | دیگر فنڈ | | |
| 102400 | سیکورٹی ڈیپازٹ | | |
| 30424 | قابل ادائیگی اخراجات | 4836.50 | بینک میں موجودہ رقم |
| 3498161.40 | میزان کل آمدن منہا اخراجات 30/جون 2003ء | 1867.00 | امپریسٹ فنڈ |
| 33040517.40 | | 33040517.40 | |

© rasailojaraid
© rasailojaraid
© rasailojaraid

# Income and Expenditure

## A/C for the year ended 30-06-2003

| رقم | اخراجات | رقم | آمدن |
|---|---|---|---|
| 526034.90 | قرآن کالج آف آرٹس اینڈ سائنس (اخراجات منہا آمدن) | 869950 | ماہانہ اعانت |
| 181427 | ہاسٹل قرآن کالج (اخراجات منہا آمدن) | 5175722 | خصوصی دیگر اعانت |
| 780882.39 | مکتبہ انجمن (اخراجات منہا آمدن) | 102767 | خط و کتابت و دیگر کورسز فیس |
| 7864 | محاضرات قرآنی | | |
| 11125 | نقد امداد | 595995.77 | دیگر آمدنی |
| 158654 | دعوت و تبلیغ پبلسٹی | | |
| 390369 | مساجد | | |
| 218871 | قرآن اکیڈمی ہاسٹل و میس | | |
| 1250005 | اسٹاف تنخواہ | | |
| 147522 | ٹیلی فون فیکس، بجلی، پانی و گیس بل | | |
| 251897 | آڈیٹوریم | | |
| 42118 | اولڈ ایج بینیفٹ | | |
| 317851 | مرمت اور مینٹیننس | | |
| 190846.50 | خط و کتابت و دیگر کورسز | | |
| 880950 | دیگر اخراجات | | |
| 1388017.98 | آمدنی منہا اخراجات | | |
| **6744434.77** | | **6744434.77** | |

© rasailojaraid.com
© rasailojaraid.com

## Shedule of Fixed Assets and Investment as at 30th June, 2003

| Total | Amount | Particulars of Land & Buildings |
|---|---|---|
| | 4781469.94 | قرآن اکیڈمی |
| | 10956607.25 | قرآن آڈیٹوریم وکالج بمع ہاسٹل |
| | 679401.00 | مسجد ومکتب والٹن |
| | 31000.00 | لینڈ گوجرہ |
| | 1834700.00 | بلڈنگ سمن آباد لاہور |
| 18450678.19 | 167500.00 | فلیٹ فردوس مارکیٹ |
| | | **Other Assets** |
| | 4554058.19 | قرآن اکیڈمی |
| | 129915.95 | قرآن اکیڈمی ہاسٹل |
| | 893156.80 | قرآن کالج |
| | 411374.40 | قرآن کالج ہاسٹل اینڈ میس |
| | 475405.00 | قرآن آڈیٹوریم |
| 6494548.34 | 30638.00 | مسجد ومکتب والٹن |
| 24945226.53 | | کل رقم = |

© rasailojaraid

© rasailojaraid

# منسلک انجمنوں کی کارکردگی کا جائزہ

## انجمن خدّام القرآن سندھ، کراچی

### سال 2002ء - 2003ء کی قابل ذکر سرگرمیاں

**1- دورہ ترجمۂ قرآن:**

الحمدللہ! انجمن خدّام القرآن سندھ، کراچی کے تحت رمضان المبارک کی راتوں میں نمازِ تراویح کے ساتھ مکمل دورۂ ترجمۂ قرآن کا سلسلہ گزشتہ بارہ سال سے باقاعدگی سے جاری ہے اور اس سے استفادہ کرنے والے حضرات وخواتین کی تعداد میں سال بہ سال اضافہ ہوتا جارہا ہے۔ اس سال شہر کراچی میں 9 مقامات پر دورۂ ترجمۂ قرآن کے پروگرام منعقد ہوئے۔ ان میں قرآن اکیڈمی، یاسین آباد اور گلستان انیس کلب کے پروگراموں میں حضرات وخواتین کی اوسطاً حاضری 500 سے متجاوز رہی۔ جن مقامات پر اس سال دورۂ ترجمۂ قرآن کے پروگرام منعقد ہوئے، ان کی تفصیل حسبِ ذیل ہے:

| | مقام | مدرس |
|---|---|---|
| -1 | قرآن اکیڈمی، ڈیفنس | جناب عامر خان صاحب |
| -2 | قرآن اکیڈمی یاسین آباد | جناب شجاع الدین شیخ صاحب |
| -3 | گلستان انیس کلب | جناب انجینئر نوید احمد صاحب |
| -4 | PIA گارڈن، گلشنِ اقبال | جناب اعجاز لطیف صاحب |
| -5 | قرآن مرکز کورنگی | جناب افتخار عالم صاحب |
| -6 | مسجد نبوی ہاؤسنگ اسکیم، زمزمہ، کلفٹن | جناب زین العابدین جواد صاحب |
| -7 | ہاشم گز در ہال، رنچھوڑ لائن | جناب طاہر عبداللہ صدیقی صاحب |
| -8 | نوبل پوائنٹ، نارتھ ناظم آباد | جناب فریس احمد مسعود صاحب |
| -9 | ایریا 1-D، نزد سنہری مسجد، لانڈھی نمبر 1 | نعمان اختر / ذوالفقار الدین صاحبان |

© rasailojaraid.com

### 2- حلقہ ہائے دروسِ قرآن / خطابات :

شہرِ کراچی کے کئی مقامات پر باقاعدگی سے حضرات و خواتین کے لئے دروس قرآن / خطابات کا انعقاد ہوتا ہے۔ان میں سے قابلِ ذکر مقامات یہ ہیں :

| مقام | دن / وقت |
|---|---|
| مسجد جامع القرآن، قرآن اکیڈمی ڈیفنس فیز VI | بدھ بعد نمازِ عشاء |
| مسجد نبوی ہاؤسنگ اسکیم، عقب مذا ایسٹ ہسپتال، کلفٹن | جمعرات بعد نمازِ عشاء |
| مکان 1/1-M بلاک 6، PECHS | اتوار بعد نمازِ فجر |
| جامع مسجدِ طیبہ، متصل قرآن مرکز کورنگی، سیکٹر A - 35 | جمعرات بعد نمازِ عشاء |
| انگلش لیباریٹریز، PECHS سوسائٹی | ہفتہ 2:30 بجے دن |
| جامع مسجد فرقان کورنگی، نزد جوھیو کلینک، ہل پارک | منگل بعد نمازِ مغرب |
| یوسف عادل اینڈ کمپنی، شہید ملت روڈ | پہلا ہفتہ 8:30 بجے صبح |
| گلستان انیس کلب، نزد ہل پارک چورنگی، شہیدِ ملت روڈ | دوسرا اتوار 11 بجے دن |
| نوبل پوائنٹ شادی ہال، نارتھ ناظم آباد | دوسرا اتوار 11 بجے دن |

© rasailojaraid.com

# تعلیم و تربیت

### 1- ایک سالہ قرآن فہمی کورس :

بحمد اللہ انجمن خدام القرآن سندھ، کراچی کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور کے بعد اس کے زیرِ اہتمام ایک سالہ قرآن فہمی کورسز کا تسلسل کے ساتھ انعقاد ہو رہا ہے۔اب تک آٹھ کورسز مکمل ہو چکے ہیں جن سے 200 سے زائد حضرات و خواتین استفادہ کر چکے ہیں، جن میں سے 28 حضرات و خواتین شہرِ کراچی کے مختلف مقامات پر دورہ ہائے ترجمہ قرآن کرنے، دروس قرآن دینے اور عربی گرامر کی تدریس کی خدمت بجالانے میں مصروف ہیں۔

بفضلہٖ تعالیٰ! انجمن کے تحت نواں ایک سالہ قرآن فہمی کورس جاری ہے جس کی تکمیل ان شاء اللہ اکتوبر 2003 میں ہوگی۔اس کورس میں اس وقت 30 شرکاء باقاعدگی سے شرکت کر رہے ہیں۔

© rasailojaraid.com

## 2- عربی گرامر کلاسز:

اس سال شہرِ کراچی میں 9 مقامات پر عربی گرامر کلاسز کا انعقاد کیا گیا۔ ان کلاسز سے مجموعی طور پر تقریباً 67 حضرات نے استفادہ کیا۔ یہ کلاسز ہفتہ میں 3 دن منعقد ہو رہی ہیں۔ قرآن اکیڈمی میں مئی 2003 میں عربی گرامر حصہ اوّل کا امتحان لیا گیا۔ اس کے علاوہ قرآن اکیڈمی ڈیفنس اور قرآن سینٹر نزد ڈیفنس لائبریری میں سنڈے عربی گرامر کلاس کا انعقاد ہوا۔

## 3- ہفتہ وار ترجمۂ قرآن کلاس :

1998ء سے قرآن اکیڈمی میں عربی گرامر کورسز کی تکمیل کرنے والے حضرات کے لئے ہفتہ وار ترجمۂ قرآن کلاس کا آغاز کیا گیا۔ اس کلاس میں عربی گرامر کے قواعد کے اطلاق کے ساتھ ترجمۂ قرآن کرایا جاتا ہے۔ یہ کلاس بروز بدھ بعد نماز مغرب منعقد ہوتی ہے۔ اس وقت سورۃ الانفال کی تدریس جاری ہے۔

## 4- مدرسۃ البنین :

اس مدرسہ نے فروری 1998ء میں کام کا آغاز کیا۔ مدرسہ میں بچوں کو ناظرہ قرآنِ حکیم کی تعلیم کے ساتھ ساتھ بنیادی دینی تعلیمات بھی سکھائی جاتی ہیں جن کا تعلق طہارت، نماز، معمولاتِ زندگی اور اخلاقیات سے ہے۔ بحمد اللہ اس وقت مدرسے میں 47 طلبہ باقاعدگی سے تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔

## 5- سمر کورس :

حسبِ سابق اس سال بھی موسم گرما کی تعطیلات میں طلبہ کے لئے دینی، معلوماتی و تربیتی سمر کورس منعقد کیا گیا۔ اس کورس میں 16 طلبہ نے باقاعدگی سے شرکت کی اور 10 طلبہ نے کامیابی کے ساتھ کورس کی تکمیل کی۔ کورس کے شرکاء کو قرآن فہمی کے لئے بنیادی عربی گرامر، احادیث، سیرۃ النبیؐ، آدابِ زندگی، تجوید کے بنیادی قواعد، نماز مع ترجمہ، نماز کے مسائل، تاریخ امت مسلمہ اور اخلاقیات کے مضامین کی تعلیم دی گئی۔

## 6- خصوصی کورس:

اس سال میٹرک اور انٹر کے امتحانات سے فارغ ہونے والے طلبہ کے لئے دینی تعلیمات پر مبنی 3 ماہ پر محیط ایک خصوصی کورس منعقد کیا گیا۔ اس کورس میں مجموعی طور پر

© rasailojaraid.com

18 طلبہ نے شرکت کی۔ کورس کے شرکاء کو قواعدِ تلاوتِ قرآن، قرآن فہمی، آسان عربی گرامر، طہارت، نماز مع ترجمہ اور اہم دینی موضوعات پر لیکچرز دیئے گئے۔

## 7- ماہانہ تربیتی پروگرام :

اس سال بھی شمسی مہینے کے تیسرے ہفتہ اور اتوار کو ماہانہ شب بیداری کا تربیتی پروگرام جاری رہا۔ یہ پروگرام ہفتہ کے روز 9:30 بجے شب سے شروع ہو کر اگلے روز صبح 11 بجے تک جاری رہتا ہے۔ اس پروگرام میں محترم اعجاز لطیف صاحب **Projector** کے ذریعہ مذاکرے کی صورت میں بڑے عمدہ انداز سے لٹریچر کا مطالعہ کراتے ہیں۔ قرآنِ حکیم کے منتخب نصاب کے اسباق کی تدریس کے فرائض انجینئر نوید احمد صاحب ادا کرتے ہیں۔ ہر درس کے اہم نکات نوٹس کی صورت میں فراہم کر دیے جاتے ہیں۔ قرآن و سنت کی روشنی میں حالاتِ حاضرہ پر تبصرے موثر انداز میں جناب اختر ندیم صاحب پیش کرتے ہیں۔ مطالعۂ حدیث نبویؐ بڑے احسن طریقے سے جناب شجاع الدین شیخ صاحب کراتے ہیں۔

## 8- اعتکاف :

ہر سال کی طرح اس سال بھی رمضان المبارک میں نمازِ تراویح کے ساتھ دورۂ ترجمۂ قرآن کے انعقاد کی وجہ سے مسجد جامع القرآن میں شہر بھر سے ایک کثیر تعداد نے اعتکاف کی سعادت حاصل کی۔ اس سال یہ تعداد تقریباً 145 تھی۔ دن کے اوقات میں معتکفین کے لئے بعد نماز ظہر خصوصی نشست کا اہتمام کیا گیا جس میں مختلف دینی موضوعات پر لیکچرز اور سوالات کے جوابات دینے کا اہتمام کیا گیا۔

## 9- پانچ روزہ تفہیم دین کورس:

مورخہ 14 تا 18 مئی 2003ء دین کے جامع تصور کی وضاحت پر مبنی پانچ روزہ تفہیم دین کورس کا انعقاد کیا گیا۔ اس پروگرام میں راہِ نجات (سورۃ العصر کی روشنی میں)، نبی کریم ﷺ سے ہمارے تعلق کی بنیادیں، فرائضِ دینی کا جامع تصور، غلبۂ دین کا نبوی طریقہ کار اور اجتماعیت اور بیعت کی اہمیت کے موضوعات پر لیکچرز دیئے گئے۔ لیکچرز نوٹس کو **multimedia projector** کے ذریعہ پیش کیا گیا۔ اوسطاً 100 حضرات اور 60 خواتین نے کورس میں شرکت کی۔

© rasailojaraid.c
© rasailojaraid.

# شعبۂ خواتین

## 1- قرآن فہمی کورس :

اس سال یکم جنوری سے بفضلہٖ تعالیٰ خواتین کے لئے ڈیڑھ سالہ قرآن فہمی کورس شروع کیا گیا۔ اس کورس میں قرآن کا ترجمہ وتفسیر، عربی گرامر، تجوید و ناظرہ، دینی وتحریکی لٹریچر، حدیث و سیرت کے علاوہ منتخب نصاب بطور تربیت کرایا جارہا ہے۔ اس میں خواتین طالبات کی تعداد 26 اور سامعات (Listeners) کی تعداد 6 ہے۔

## 2- سمر کیمپ :

پچھلے سال کی طرح اس سال بھی موسمِ گرما کی تعطیلات میں سمر کیمپ کا اہتمام کیا گیا۔ کورس میں بچوں کی تعداد تقریباً 67 تھی۔ یہ دو ہفتے کا کورس تھا جس میں بچوں نے دین کے حوالے سے بہت کچھ سیکھا اور بہت مستفید ہوئے۔

## 3- ماہانہ دروس :

خواتین میں دینی شعور بیدار کرنے اور اپنی زندگیوں کو اللہ کے احکامات کے مطابق ڈھالنے کے لئے ماہانہ درسِ قرآن کا انعقاد کیا جاتا ہے جو کہ ہر ماہ کی آخری جمعرات کو ہوتا ہے۔

## 4- کلرز آف اسلام :

بچوں کی یہ کلاس ہر جمعہ کو منعقد ہوتی ہے جس میں بچوں کو مختلف دلچسپ طریقوں سے دین کی مختلف باتیں، انبیاء کے واقعات، کلمے، مسنون دُعائیں، کلرنگ وغیرہ سکھائی جاتی ہے۔

## 5 - خواتین کے لئے سمر کورس :

ہر سال کی طرح اس سال بھی موسم گرما کی تعطیلات میں خواتین کے لئے سمر کورس کا اہتمام کیا گیا۔ 13 خواتین نے کورس کی تکمیل کی۔

## 6- مدرسۃ البنات :

انجمن کے تحت 1996 میں مدرسۃ البنات کا آغاز کیا گیا۔ اس وقت مدرسہ میں طلبہ و طالبات کی تعداد 115 ہے۔ پچھلے سال کے مقابلے میں اس سال بچوں کی تعداد میں اضافہ ہوا ہے۔ مدرسہ میں تجوید و ناظرہ کی تعلیم کو جدید طرزِ تعلیم کے مطابق بہترین بنانے کی کوشش کی

© rasailojaraid.com
© rasailojaraid.com
© rasailojaraid.com

جاری ہے۔بچوں کے علاوہ ان کی والدات کی تربیت کے لئے بھی کلاسز منعقد کی جاتی ہیں۔

## تصنیف و تالیف

تصنیف و تالیف کے حوالے سے قابلِ ذکر امور حسبِ ذیل ہیں :

i- منتخب نصاب حصہ دوم اور حصہ سوم کے نکات برائے درس وتدریس علیحدہ علیحدہ کتابی صورتوں میں شائع کیے گئے۔

ii- ''سود۔حرمت، خباثتیں، اشکالات'' کے عنوان سے ایک مختصر لیکن نہایت جامع اور مفید کتاب کا انگریزی میں ترجمہ اشاعت کے مراحل میں ہے۔

iii- پانچ اہم دینی موضوعات پر مشتمل ایک کتاب ''اہم دینی موضوعات: نکات برائے درس و تدریس'' کے عنوان سے شائع کی گئی' جس میں اسلام مذہب ہے یا دین؟، دین اسلام ہم سے کیا چاہتا ہے؟ جہاد فی سبیل اللہ، نبی اکرم ﷺ نے دین کیسے غالب کیا؟ اور اسلام میں اجتماعیت کی اہمیت اور اساس جیسے اہم دینی موضوعات شامل کیے گئے ہیں۔

iv- قرآنِ حکیم کے منتخب نصاب میں شامل سورۂ لقمان رکوع 2 ،حقیقت و اقسام شرک اور سورۂ حم السجدہ آیات 30 تا 36 کے دروس کو کتابچہ کی صورت میں شائع کیا گیا۔

## شعبۂ سمع و بصر

بحمداللہ سال 2002-03 کے دوران شعبۂ سمع و بصر میں انتہائی اہم امور سرانجام پائے۔گزشتہ سال شعبہ کے لئے مرتب کی گئی پالیسیوں کو مزید مستحکم کیا گیا اور ڈیجیٹل آڈیو ویڈیو ریکارڈنگز کے معیار پر خصوصی توجہ دی گئی۔اس سال کی کارکردگی کے حوالے سے چند اہم اور خاص قابلِ ذکر امور کچھ اس طرح ہیں :

1- شعبۂ سمع و بصر کو اس سال ایک عدد ویڈیو کیمرہ، ایک عدد پروجیکٹر، چار عدد ٹیلیویژن، ایک عدد ملٹی میڈیا پروجیکٹر، ایک عدد پروجیکشن اسکرین، ایک عدد ڈی وی ڈی پلیئر، دو عدد ایمپلیفائیڈ پیڈسٹل اسپیکر اور تین عدد کمپیوٹر اسپیکر سیٹ بطورِ عطیہ موصول ہوئے۔

2- اس سال شعبہ میں ایک عدد ڈیجیٹل ویڈیو ریکارڈر اور دو عدد ڈیجیٹل ویڈیو کیمروں کا اضافہ کیا گیا۔

3- شعبۂ سمع و بصر کی درخواست پر **ARY Digital Channel** کی ٹیم نے فاران

© rasailojaraid
© rasailojaraid.

کلب انٹرنیشنلمیں ہونے والے نگرانِ انجمن کے ماہانہ درسِ قرآن کے پروگرام کو اپنے ڈیجیٹل ایکوپمنٹ سے ریکارڈ کیا اور بار بار نشر کیا۔

4۔ نگرانِ انجمن محترم جناب ڈاکٹر اسرار احمد صاحب کے ایک ایک گھنٹے دورانیے کے تین پروگرامز ''شہادتِ حسینؓ '' کے سلسلے میں **ARY Digital Channel** کے اسٹوڈیو میں ریکارڈ کرائے گئے جو کہ 8 تا 10 محرم الحرام 1424ھ کو پرائم ٹائم میں نشر کیے گئے۔ ڈاکٹر صاحب کے سیرۃ النبیؐ کے موضوع پر 12 پروگرام ماہِ ربیع الاوّل میں نشر کرنے کے لئے ریکارڈ کرائے گئے۔ اس کے علاوہ حافظ عاکف سعید صاحب، ڈاکٹر عبدالسمیع صاحب (صدر انجمن خدام القرآن فیصل آباد)، مختار حسین فاروقی صاحب (صدر انجمن خدام القرآن جھنگ)، اعجاز لطیف صاحب اور شجاع الدین شیخ صاحب کے پروگرام بھی ریکارڈ کرائے گئے۔

© rasailojaraid.c

5۔ شعبہ سمع و بصر نے اس سال نگرانِ انجمن کے تمام اہم خطابات بشمول **ARY Digital Channel** پر نشر ہونے والے پروگرامز کی ویڈیو سی ڈیز بنائیں جو کہ مکتبہ پر سیل کے لئے دستیاب ہیں۔

6۔ ایک صاحبِ خیر کی طرف سے ہر ماہ 1000 آڈیو کیسٹس دعوتی مقاصد کے لئے تحفتاً تقسیم کرنے کے لئے فراہم کیے جاتے ہیں۔ شعبۂ سمع و بصر ان کیسٹس پر نگرانِ انجمن کے خطابات کی ریکارڈنگ کی خدمت انجام دیتا ہے۔

7۔ اس سال شعبہ میں 48,936 آڈیو کیسٹس، 1,063 ویڈیو کیسٹس اور 7,334 CDs تیار کی گئیں۔

# آئی ٹی سیکشن

الحمدللہ! اس سال ماہِ مئی میں قرآن اکیڈمی میں شعبۂ انفارمیشن ٹیکنالوجی کا قیام عمل میں آیا۔ اس نئے شعبہ کا افتتاح مورخہ 4 رمئی 2003ء کو نگرانِ انجمن محترم ڈاکٹر اسرار احمد صاحب نے کیا۔ قلیل عرصے میں جو کام اس شعبہ میں انجام پائے، ان میں سے چند قابلِ ذکر اُمور درج ذیل ہیں:

1۔ قرآن اکیڈمی کی ویب سائٹ www.quranacademy.com کی Re-engineering کی گئی اور یہ عنقریب استفادہ کے لئے انٹرنیٹ پر دستیاب

© rasailojaraid.c

ہو گی۔

2- ایک معروف کمپنی کی طرف سے اس شعبہ کے لئے 8 عدد کمپیوٹرز، 1 عدد Intel Pentium-4 Server System، 9 عدد مانیٹرز، 1 عدد لیزر پرنٹر، 1 عدد 120GB ہارڈ ڈسک، 1 عدد 1000V/A UPS، 1 عدد 56K Modem، 3 عدد نیٹ ورکنگ سوئچ اور 10 عدد اسٹیریو ہیڈ فونز فراہم کیے گئے۔

3- اسی کمپنی کے تعاون سے قرآن اکیڈمی میں Structured نیٹ ورکنگ ہوئی جس سے Centralized مینجمنٹ، Resource sharing اور Centralized ڈاکومنٹ پرنٹنگ جیسی سہولیات حاصل ہوئیں۔

4- آئی ٹی سیکشن کی طرف سے باقاعدگی سے مختلف شعبہ جات کو سافٹ ویئر اور ہارڈ ویئر support فراہم کی جارہی ہے۔ مختلف شعبہ جات کے data کا کسی بھی قسم کے نقصان سے بچانے کے لئے روزانہ CDs پر backup لیا جاتا ہے۔

5- قرآن اکیڈمی میں 14 تا 18 مئی 2003ء منعقد ہونے والے تفہیمِ دین کورس کے Audio Lectures کو (Live) بروقت Internet پر نشر کیا گیا، بعد ازاں ان لیکچرز کو قرآن اکیڈمی کی ویب سائٹ پر بھی upload کر دیا گیا۔

# مکتبہ

قرآن اکیڈمی میں قائم مکتبہ سے استفادہ کی صورتِ حال ہر سال بہتر ہوتی جارہی ہے۔ قرآن اکیڈمی کے علاوہ شہر کراچی میں انجمن کے تحت دیگر دعوتی پروگراموں میں مکتبہ کی سہولت فراہم کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ اس سال مکتبہ پر فروخت کے حوالے سے اعداد و شمار یہ ہیں :

| | سال 2002-2003 | سال 2002-2001 |
|---|---|---|
| آڈیو کیسٹس | 5 ,41,583/- روپے | 6,11,376/- روپے |
| ویڈیو کیسٹس | 93,016/- روپے | 1,82,715/- روپے |
| CDs | 3,82,159/- روپے | 1,37,123/- روپے |
| کتب | 8,10,403/- روپے | 4,82,258/- روپے |
| کل میزان: | 18,27,161/- روپے | 14,13,472/- روپے |

© rasailojaraid

کیسٹ لائبریری :

کیسٹ لائبریری سے اس سال 269 آڈیو کیسٹس اور 84 ویڈیو کیسٹس جاری ہوئے۔

کیسٹ کلب ( مکتبہ کی ایک خصوصی کاوش ) :

انجمن خدّام القرآن سندھ ہر ہفتے (Weekly) مسجد دارالسلام باغِ جناح لاہور میں منعقد ہونے والے خطابِ جمعہ کا کیسٹ ممبرانِ کلب کے گھر/ آفس پہنچانے کا انتظام سالانہ رعایتی ممبر شپ فیس -/500 روپے میں کرتی ہے۔ کیسٹ کلب کے ممبران مکتبہ میں موجود دیگر کیسٹ قیمتاً یا سننے کے لئے طلب کرسکتے ہیں۔ اس وقت کیسٹ کلب کے ممبران تقریباً 250 ہیں۔

خصوصی اضافہ:

مکتبہ میں الحمدللہ انجمن کے تحت شائع ہونے والی کتب کے علاوہ دیگر مفسرین و مصنفین کی تفاسیرِ قرآن، مجموعہ احادیث اور بے شمار دیگر اسلامی کتب دستیاب ہیں۔

© rasailojaraid.com

# نشر و اشاعت و تشہیر

i- ماہانہ محفل الہدیٰ، دورۂ ترجمہ قرآن، ایک سالہ رجوع الی القرآن کورس اور سمر کورس کی تشہیر کے لئے اخبارات میں اشتہارات دیئے گئے۔

ii- انجمن کے تحت منعقد ہونے والے حسب ذیل پروگراموں کی تشہیر کے لئے کثیر تعداد میں ہینڈ بلز شائع و تقسیم کیے گئے۔

iii- ماہِ رمضان المبارک کے دوران نگرانِ انجمن کے دورۂ ترجمۂ قرآن اور خلاصۂ مضامین قرآن کی ویڈیو ریکارڈنگ 22 عدد Cable Networks پر نشر کی گئی۔

iv- مسجد جامع القرآن میں آویزاں کیے گئے خصوصی نوٹس بورڈز پر انجمن کے تحت ہونے والے پروگرامز، کتب اور دیگر امور کی تشہیر باقاعدگی سے جاری رہی۔

v- انجمن کی سرگرمیوں کی تشہیر کے لئے ایک بروشر شائع کیا گیا۔

# ذیلی مراکز

## 1- قرآن مرکز کورنگی :

الحمدللہ! قرآن مرکز کورنگی، انجمن خدّام القرآن سندھ، کراچی کا پہلا ذیلی مرکز ہے۔

1995 میں یہاں مردوں کے شعبہ کا آغاز ہوا اور 2000ء میں خواتین کے شعبہ کا۔

© rasailojaraid.com

اس مرکز میں انجام دی جانے والی سرگرمیوں کا اجمالی خاکہ حسبِ ذیل ہے :

☆ **شعبۂ حضرات :**

قرآن مجید کی ناظرہ تعلیم کے لئے 3 کلاسز میں 140 طلبہ زیر تعلیم ہیں۔ شعبۂ تربیت و تعلیم میں طلبہ کی تعداد 20 ہے۔ ہفتہ وار درسِ قرآن کے شرکاء کی اوسط تعداد 50 ہے۔ ہر ماہ کے آخری ہفتہ کو بعد نمازِ عشاء تفہیمِ دین کے حوالے سے مختلف موضوعات پر لیکچرز کا انعقاد ہوتا ہے۔ اس پروگرام میں اوسطاً 80 حضرات و خواتین شریک ہوتے ہیں۔ عربی گرامر کلاسز کا تسلسل سے انعقاد ہو رہا ہے۔ مورخہ 16 جون تا 15 جولائی 2003ء میٹرک اور انٹر کے طلبہ کے لئے فہمِ دین کے عنوان سے سمر کورس ہوا جس میں طلبہ شریک ہوئے۔

☆ **شعبۂ خواتین :**

قرآن مجید کی ناظرہ تعلیم کے لئے 4 کلاسز میں 134 طالبات زیر تعلیم ہیں۔ شعبۂ تجوید میں 3 کلاسز میں 30 خواتین باقاعدہ شریک ہوتی ہیں۔ ہر ماہ کے دوسرے جمعہ کو منعقد ہونے والے درس قرآن میں اوسطاً 100 خواتین شرکت کرتی ہیں۔ ترجمۂ قرآن کی کلاس بروز ہفتہ منعقد کی جاتی ہے جس میں 15 خواتین شرکت کر رہی ہیں۔ ماہ جون تا اگست 2003ء کے دوران دو ماہی کورس کا انعقاد کیا گیا جس میں 25 طالبات نے باقاعدگی سے شرکت کی۔

☆ **دارالمطالعہ :**

قرآن مرکز کورنگی کا دارالمطالعہ بھی باقاعدگی سے عام استفادے کے لئے دستیاب ہوتا ہے۔ اس سال دارالمطالعہ سے 49 کتب، 180 آڈیو کیسٹس اور 18 ویڈیو کیسٹس جاری ہوئیں۔

☆ **خصوصی پروگرام :**

☆ یکم ستمبر 2002ء کو نگرانِ انجمن محترم ڈاکٹر اسرار احمد صاحب نے دینِ اسلام کے عملی تقاضے'' کے موضوع پر خطاب فرمایا۔ اس پروگرام میں 500 سے زائد حضرات و خواتین شریک ہوئے۔

☆ 18 / جنوری 2003ء کو ایک بین المدارس قرآن کوئز مقابلہ منعقد کیا گیا، جس میں لانڈھی اور کورنگی کے 9 اسکولوں کے طلبہ و طالبات اور اساتذہ شریک ہوئے۔

☆ 12 تا 16 مارچ 2003ء تفہیمِ دین کورس منعقد ہوا۔ اس پروگرام میں راہِ نجات، نبی

© rasailojaraid.com

کرے۔ ﷺ سے ہمارے تعلق کی بنیادیں، فرائضِ دینی، غلبۂ دین کا نبوی طریقہ کار اور اجتماعیت اور بیعت کی اہمیت کے موضوعات پر لیکچرز دیئے گئے۔ مجموعی طور پر 200 کے قریب حضرات وخواتین نے اس کورس سے استفادہ کیا۔

☆ 15 رمئی 2003ء کو بعد نمازِ عشاء سیرت النبی ﷺ کے حوالے سے جلسہ کا انعقاد ہوا جس سے محترم انجینئر نوید احمد صاحب نے خطاب فرمایا۔ اس پروگرام میں 100 سے زائد حضرات وخواتین نے شرکت کی۔

2- قرآن اکیڈمی، یاسین آباد :

الحمدللہ اپریل 2001ء میں یاسین آباد، فیڈرل بی ایریا کے علاقے میں قرآن اکیڈمی کے قیام کے لئے ایک صاحبِ خیر کی طرف سے 2000 مربع گز کا پلاٹ حاصل ہوا تھا۔ الحمدللہ! جولائی 2003ء میں قرآن اکیڈمی یاسین آباد کے نقشہ جات K.D.A سے منظور ہو گئے۔ اب اِن شاءاللہ تعمیرات کا آغاز جلد ہی شروع کر دیا جائے گا۔ اکیڈمی کی قابلِ ذکر سرگرمیوں کا اجمالی جائزہ حسب ذیل ہے:

☆ مورخہ 30 جون 2002ء کو ''سود کی حرمت اور شناعت'' کے موضوع پر ایک جلسۂ عام کا انعقاد کیا گیا۔ جناب انجینئر نوید احمد نے خطاب فرمایا۔ اس موقع پر شرکاء کو موضوع سے متعلق ایک کتابچہ بھی پیش کیا گیا۔

☆ ماہِ رمضان المبارک کے بعد عربی گرامر کی تعلیم کا آغاز کیا گیا اور الحمدللہ عربی گرامر حصہ اول اور دوم کی تکمیل ہو چکی ہے۔ نیز منتخب نصاب کی تدریس بھی جاری رہی۔

☆ مورخہ 25 ستمبر تا 29 ستمبر 2003ء دین کے جامع تصور کی وضاحت کے لئے پانچ روزہ تفہیم دین کورس کا انعقاد کیا گیا۔ اس پروگرام میں راہِ نجات (سورۃ العصر کی روشنی میں)، نبی کریم ﷺ سے ہمارے تعلق کی بنیادیں، فرائضِ دینی کا جامع تصور، غلبۂ دین کا نبوی طریقہ کار اور اجتماعیت اور بیعت کی اہمیت کے موضوعات پر لیکچرز دیئے گئے۔ 115 حضرات اور 60 خواتین نے کورس میں شرکت کی۔

☆ حضرات کے لئے ہفتہ وار درس قرآن بروز پیر منعقد کیا جاتا ہے جبکہ خواتین کے لئے بروز پیر، منگل اور بدھ تجوید، ترجمۂ قرآن اور عربی گرامر کلاسز کا انعقاد کیا جاتا ہے۔

☆ مورخہ 15 جون تا 31 جولائی 2003ء میٹرک اور انٹر میڈیٹ کے طلبہ کی چھٹیوں کے دوران دینی تعلیمات پر مبنی ایک کورس منعقد کیا گیا۔ 10 طلبہ نے کامیابی سے کورس کی

© rasailojaraid.com
© rasailojaraid.com

تکمیل کی۔

**3- قرآن سینٹر ڈیفنس :**

الحمد للہ جنوری 2003ء میں ایک صاحب خیر نے ڈیفنس فیز 2 میں ڈیفنس سینٹرل لائبریری سے متصل اپنا ایک وسیع وعریض بنگلہ خدمتِ قرآن کے مقصد کی خاطر استعمال کے لئے انجمن کو پیش کیا۔شہر کے اہم علاقے نیز ایک اہم شاہراہ پر واقع ہونے کی وجہ سے امید ہے کہ ان شاء اللہ اس جگہ کو خدمتِ قرآنی کے لئے بھر پور طریقے سے استعمال کیا جائے گا۔ انجمن کے تحت قرآن سینٹر میں ہفتہ وار درس قرآن برائے حضرات وخواتین' تجوید، ناظرہ،عربی گرامر اور ترجمۂ قرآن کلاسز کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔اس سینٹر میں مورخہ 18 تا 22 اگست 2003ء ایک پانچ روزہ فہم دین کورس منعقد کیا گیا جس میں دین کی بنیادی معلومات کو نوٹس کی صورت میں لیکچرز کے ذریعہ پیش کیا گیا۔کورس میں شامل موضوعات میں ایمانیات،طہارت، نماز،تجوید کی اہمیت،حقوقِ قرآن،حقوق العباد کی اہمیت،خدمت خلق، والدین اور اولاد کے حقوق شامل تھے۔اوسطاً 30 مرد اور 7 خواتین نے کورس میں شرکت کی۔

© rasailojaraid.c

# چند قابلِ ذکر امور

**1- تعلیمی اداروں میں خدمات :**

الحمدللہ! اس سال چند تعلیمی اداروں کی طرف سے انجمن کو عربی گرامر کلاسز اور مختلف موضوعاتِ قرآنی پر لیکچرز کی دعوت دی گئی۔ضیاء الدین میڈیکل یونیورسٹی میں عربی گرامر کی کلاسز کا انعقاد ہوا جس کی ذمہ داری جناب ڈاکٹر الیاس صاحب نے انجام دی۔ ہمدرد یونیورسٹی میں جناب انجینئر نوید احمد صاحب اور جناب نوید انصاری صاحب نے **Philosophy of Qur'an** کے عنوان کے تحت انگریزی میں درجِ ذیل موضوعات پر ہفتہ وار 21 لیکچرز دیئے:

1. Quest for knowledge
2. Introduction to Quran
3. Obligations to Quran
4. Way to salvation
5. Reality & purpose of life
6. History of Prophets
7. Life of Prophet (saw)
9. What is Islam?
8. Our affiliation with prophet (saw)
10. Eemaan in essence
11. Hypocrisy in essence
12. Shirk in essence

© rasailojaraid.c

13. The day of judgment
14. Pious person vis-a-vis Quran
15. Successful person vis-a-vis Quran
16. Social guidelines in Islam-I
17. Social guidelines in Islam-II
18. Guidelines for Islamic State
19. Unpolluted earnings
20. Women's Rights
21. Jehad in the way of Allah

ان موضوعات پر ضیاء الدین میڈیکل یونیورسٹی میں بھی نوید احمد صاحب نے لیکچرز دیئے۔

## 2- نگران انجمن کے خطابات جمعہ:

نگران انجمن محترم ڈاکٹر اسرار احمد صاحب نے ماہ جنوری تا مئی 2003ء قرآن اکیڈمی، ڈیفنس میں ہر ماہ کے پہلے جمعہ کو خطاب فرمایا۔ خطابات جمعہ کے موضوعات حسب ذیل تھے:

(i) یہود، قرآن اور ہم (ii) عالم اسلام پر مغرب کی یلغار (iii) اجتماعی توبہ
(iv) توبہ کی عظمت اور تاثیر (v) خیر اور شر کے آخری معرکہ کا آغاز

## 3- فاران کلب میں درسِ قرآن:

فروری کے مہینے سے ہر ماہ کے پہلے اتوار کو صبح گیارہ بجے فاران کلب انٹرنیشنل نے اپنے کلب میں ماہانہ درسِ قرآن کے پروگرام کا آغاز کیا۔ نگرانِ انجمن محترم ڈاکٹر اسرار احمد صاحب نے قرآنِ حکیم کے منتخب نصاب کے سلسلہ وار درس کا آغاز فرمایا۔ بعد ازاں ماہِ مئی میں نگرانِ انجمن محترم ڈاکٹر اسرار احمد صاحب نے اپنی خرابیٔ صحت کے باعث آئندہ اس ذمہ داری سے معذرت کا اظہار کیا اور یہ ذمہ داری کراچی کے مدرسین کے سپرد کی۔ جس کے بعد اکیڈمک ڈائریکٹر انجینئر نوید احمد صاحب نے درس کے اس سلسلہ کو آگے بڑھایا۔ اس پروگرام میں تقریباً 700 حضرات وخواتین شریک ہوتے ہیں۔

## Internet-4 پر لیکچرز:

الحمدللہ! www.paltalk.com پر بروز ہفتہ رات 10 بجے درسِ قرآن / لیکچر اور سوال و جواب کی نشست کا انعقاد ہوا۔ مزید براں اسی ویب سائٹ پر نگرانِ انجمن کے ہر ماہ کے پہلے اتوار کو ہونے والے درسِ قرآن کو بھی نشر کیا جاتا رہا۔

© rasailojaraid.c
© rasailojaraid.c

# آئندہ کے منصوبے

1- ان شاء اللہ عنقریب قرآن اکیڈمی ،یاسین آباد کی تعمیر کا کام شروع ہو جائے گا۔ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے پوری توقع ہے کہ انجمن کے وابستگان اس حوالے سے بھرپور تعاون فرما کر عند اللہ ماجور ہوں گے۔

2- قرآن مرکز، لانڈھی کے لئے لانڈھی نمبر 1 کے علاقے میں جگہ کے حصول کے لئے کوشش کی جارہی ہے۔

3- الحمد للہ قرآن اکیڈمی کے تمام شعبہ جات کے کمپیوٹرز کو newtworking کے ذریعے link کردیا گیا۔ اِن شاء اللہ اگلے مرحلے کے طور پر کراچی شہر کے مختلف مراکز کو بھی interlink کیا جائے گا۔

4 - منتخب نصاب کے حصہ چہارم کے نوٹس کی Composing کا کام جاری ہے۔ ان شاء اللہ عنقریب ان نوٹس کو کتابی صورت میں شائع کردیا جائے گا۔

5 - ''سود کی حرمت، خباثتیں اور اشکالات'' کے موضوع پر کتاب کا انگریزی میں ترجمہ مکمل ہو چکا ہے۔ عنقریب اس کی اشاعت کا ارادہ ہے۔

6 - مدرسین اور مترجمین کی سہولت کے پیش نظر عربی گرامر کے قواعد کو مدنظر رکھتے ہوئے قرآن کریم کا ایک رواں اور آسان ترجمہ تیار کیا جارہا ہے۔ اس ترجمہ میں آیات کو چھوٹے چھوٹے حصوں میں تقسیم کر کے متن اور ترجمہ کو ایک ساتھ شائع کیا جائے گا تاکہ درسِ قرآن دیتے ہوئے یا ترجمۂ قرآن کرتے ہوئے ترجمہ کی روانی برقرار رہے۔

7- قرآن اکیڈمی ڈیفنس میں ایک اسٹوڈیو بنانے کا ارادہ ہے تاکہ زیادہ سے زیادہ معیاری پروگرامز ریکارڈ کر کے ARY اور QTV چینل پر براڈ کاسٹ کے لئے دیئے جاسکیں۔

☆☆☆

# انجمن خدام القرآن ملتان

انجمن خدام القرآن ملتان کی تاسیس 1990 میں ہوئی۔ اس طرح اس راستہ پر چلتے ہوئے اب تیرہ سال مکمل ہو چکے ہیں۔ انجمن خدام القرآن کا بنیادی مقصد ہی فکر قرآنی کو تعلیم یافتہ طبقات تک پہنچانا ہے۔ الحمد للہ انجمن خدام القرآن اپنے اس مقصد کو حاصل کرنے

© rasailojaraid.

میں دن رات سرگرم عمل ہے اور فکر قرآنی سے اہل ملتان کے دلوں کو منور کر رہی ہے۔ اور ہمہ قسم کے طبقات میں سے نیک فطرت انسان قرآن اکیڈمی کی طرف کھنچے چلے آرہے ہیں' گو کہ رفتار کم ہے لیکن ادارہ ھذا کے اثرات اور یہاں کے دینی پروگراموں کو بہت پسند کیا جاتا ہے اور انجمن نے ان تیرہ سالوں میں اپنا نام روشن کیا ہے۔ ان تمہیدی الفاظ کے بعد اب میں انجمن خدام القرآن ملتان کی سالانہ کارکردگی کی رپورٹ زیر قلم لاتا ہوں۔

## شعبہ حفظ القرآن:

اس شعبہ کے دو سیکشن ہیں۔ ہمارا یہ شعبہ ملتان کے پڑھے لکھے گھرانوں میں کافی متعارف ہو چکا ہے۔ اس شعبہ کی کارکردگی اور معیار کو برقرار رکھنے کے لئے ہم نے طلبہ کی تعداد مقرر کی ہوئی ہے۔ ایک کلاس میں **25** طلبہ حفظ کرتے ہیں۔ الحمدللہ یہ شعبہ اپنی ساکھ برقرار رکھے ہوئے رواں دواں ہے۔ اس شعبہ کے انچارج قاری محمد شاہد صاحب ہیں۔

© rasailojaraid.com

## اقرأ سکول پراجیکٹ:

اقرأ سکول پراجیکٹ کا آغاز **1999**ء میں ہوا تھا۔ اس کا بنیادی مقصد غریب اور نادار بچوں کو بنیادی پرائمری تعلیم دینا ہے۔ تمام بچوں کے سکول کے اخراجات ادارہ انجمن ھذا خود برداشت کرتا ہے۔ اس سکول سسٹم میں تین سال میں پرائمری کی پانچ جماعتیں پڑھائی جاتی ہیں۔ **99**ء میں سکول پراجیکٹ کا سالانہ امتحان ہو چکا ہے۔ **22** بچوں نے کامیابی حاصل کی ہے۔ اس سکول کے انچارج سر محمد سجاد صاحب ہیں۔ سکول کے اوقات صبح ساڑھے سات بجے تا ساڑھے دس بجے صبح تک ہیں۔

## قرآنی تربیت گاہ:

انجمن کے زیر اہتمام گزشتہ کئی سال سے موسم گرما کی تعطیلات میں طلبہ' اساتذہ اور دیگر طبقہ ہائے معاشرہ کے افراد کے لئے ایک ماہ کی قرآنی تربیت کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ اس سال بھی مورخہ **21** جولائی تا **14** اگست **02**ء ایک قرآنی تربیت کا انعقاد کیا گیا۔ پروگرام کی امکانی حد تک تشہیر بھی کی گئی۔ پروگرام اپنے مقررہ اوقات میں شروع بھی ہو گیا لیکن شرکاء کی کمی کے باعث اس کلاس کو **20** روزہ بنا دیا گیا اور **20** روز کے بعد یہ ورکشاپ ختم ہو گئی۔

## پانچ روزہ تفہیم دین پروگرام:

انجمن ھذا کے زیر اہتمام ماہ ستمبر میں **26** تا **30** ستمبر ایک پانچ روزہ تفہیم دین پروگرام کا

© rasailojaraid.com

انعقاد ہوا' جس میں ڈاکٹر محمد طاہر خاکوانی' محمد سلیم اختر اور محمد کامران صاحبان نے ایک ایک گھنٹہ کے مختلف موضوعات پر لیکچرز دیئے۔ پروگرام کو بہت پسند کیا گیا شرکاء کی تعداد 125 تک رہی۔ پروگرام کے اوقات روزانہ بعد نماز مغرب تا عشاء تک تھے۔ اس پروگرام میں 25 خواتین بھی روزانہ شریک پروگرام رہیں۔

اسی طرح کا ایک پروگرام قرطبہ مسجد گارڈن ٹاؤن میں انہی دنوں میں منعقد ہوا۔ اس میں شرکاء کی حاضری 50/60 کے قریب رہی۔ روزانہ پروگرام کے اختتام پر شرکاء کی چائے اور بسکٹ سے تواضع بھی کی گئی۔

## خواتین کی تجوید کی کلاس:

الحمدللہ انجمن کے زیر اہتمام جہاں مرد حضرات اور بچوں میں قرآنی تعلیمات کو عام کیا جارہا ہے وہاں خواتین کو بھی اس ادارہ کے فیض سے فیض یاب کیا جارہا ہے۔ عورتوں کے لئے روزانہ سہ پہر چار بجے سے پانچ بجے تک تجوید قرآن کی کلاس جاری ہے۔ اس میں ایک مستند قاریہ صاحبہ پڑھا رہی ہیں۔ الحمدللہ اس وقت 18 سے 20 خواتین اس کلاس میں پڑھنے آرہی ہیں۔ یہ کلاس ہفتہ میں پانچ دن (اتوار تا جمعرات) ہوتی ہے۔

© rasailojaraid.com

## صدر مرکزی انجمن و بانی تنظیم کا دورۂ ملتان:

2 ستمبر 02ء کو بانی تنظیم و صدر مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور ڈاکٹر اسرار احمد صاحب اپنی اہلیہ کے ہمراہ ملتان کے دورہ پر تشریف لائے۔ ڈاکٹر صاحب کی اہلیہ صاحبہ نے خواتین کے ایک عام اجلاس میں خطاب فرمایا۔ اور بعد ازاں ڈاکٹر اسرار احمد صاحب نے بھی حلقہ خواتین سے ایک گھنٹہ کا خطاب فرمایا۔ شرکاء کی تعداد 100 سے متجاوز تھی۔

## سالانہ اجلاس انجمن خدام القرآن ملتان:

16 اکتوبر 02ء کو انجمن کا سالانہ اجلاس قرآن اکیڈمی 25 آفیسر کالونی میں منعقد ہوا۔ اس کی صدارت صدر انجمن ملتان کرنل غلام حیدر خان ترین صاحب نے فرمائی۔ اس اجلاس میں سالانہ رپورٹ اور مختلف شعبہ جات کی رپورٹیں پیش کی گئیں' عام انتخابات ہوئے اور نئی مجلس منتظمہ کا چناؤ بھی ہوا۔

## دورۂ ترجمۂ قرآن:

الحمدللہ انجمن کی جامع مسجد قرآن اکیڈمی میں گزشتہ گیارہ سال سے ہر سال دورۂ ترجمۂ

© rasailojaraid

قرآن کا بھرپور پروگرام جاری وساری ہے۔سب سے پہلے اس پروگرام کا آغاز صدر انجمن خدام القرآن ڈاکٹر اسرار احمد صاحب نے ملتان میں کیا تھا۔ان کے بعد ان کے شاگردان رشید محترم ڈاکٹر محمد طاہر خاکوانی، انجینئر مختار حسین فاروقی اور جناب رحمت اللہ بٹر صاحب اس ذمہ داری کو بحسن وخوبی ادا فرماتے رہے ہیں۔امسال بھی ماہ نومبر ودسمبر 02ء میں دوران رمضان المبارک نماز تراویح میں ترجمہ وتفسیر کے ساتھ دورۂ قرآن کا پروگرام ہوا۔اس ذمہ داری کو ڈاکٹر محمد طاہر خاکوانی صاحب نے نبھایا۔پروگرام رات کے ساڑھے بارہ بجے تک جاری رہتا۔شرکاء کی تعداد اوسطاً روزانہ ڈیڑھ سو کے لگ بھگ رہتی۔پروگرام کے درمیان شرکاء کی گرماگرم چائے اور بسکٹ سے تواضع کی جاتی۔ہمارا یہ پروگرام ملتان میں بہت مشہور ہے اور دور دور سے شائقین علوم قرآنی اس پروگرام سے فیض یاب ہونے کے لئے آتے ہیں۔پروگرام کی تشہیر کے لئے دس ہزار ہینڈ بل' دس ہزار سٹکنگ کارڈ اور دس ہزار پاکٹ نظام الاوقات سحر وافطار چھپوائے گئے۔نیز بیرون ملتان حضرات کے لئے سحری وافطاری کا فری اہتمام کیا گیا۔رمضان کے آخری عشرے میں دوران اعتکاف 40 کے قریب افراد نے مسجد میں قیام فرمایا۔

## عربی کلاس برائے مرد حضرات:

عربی زبان کی ترویج کے لئے انجمن کے زیر انتظام ہر سال عربی کلاسز کا اجراء ہوتا ہے۔جس میں بنیادی عربی کی تعلیم دی جاتی ہے۔امسال بھی مورخہ 22دسمبر 03ء سے عربی کلاس برائے مرد حضرات کا آغاز ہوا۔یہ کلاس سات ماہ تک جاری رہی۔کلاس میں طلبہ کی تعداد 20تا30 رہی۔استاد کے فرائض جناب پروفیسر ریاض الرحمٰن صاحب نے ادا فرمائے۔موصوف عرصہ گیارہ سال سے انجمن کے زیر اہتمام جاری عربی کلاسوں میں معلم کے فرائض انجام دے رہے ہیں۔

## ترجمہ وتفسیر قرآن کلاس:

انجمن خدام القرآن ملتان کے زیر اہتمام پہلی مرتبہ 15 جنوری 2001ء کو دورۂ ترجمہ و تفسیر قرآن کلاس کا آغاز کیا گیا۔الحمدللہ کلاس جاری ہے۔30 شرکاء اس وقت اس کلاس سے فیض یاب ہو رہے ہیں اور اب تک 25 پارے مکمل ہو چکے ہیں۔اس کلاس میں شریک حضرات میں سے اب تک 8/9 افراد تنظیم اسلامی ملتان کے قافلہ میں بھی شامل ہو چکے ہیں۔اس کلاس کے معلم کے فرائض ڈاکٹر محمد طاہر خاکوانی صاحب ادا فرما رہے ہیں۔

© rasailojaraid.com
© rasailojaraid.com

## دروس قرآن کے حلقہ جات:

انجمن کے زیر اہتمام ملتان شہر میں کئی حلقہ ہائے دروس بھی جاری و ساری ہیں۔ ڈاکٹر طاہر خاکوانی صاحب نے اس سال مختلف مقامات پر درس قرآن کے حلقے جاری رکھے' مثلاً بہاؤالدین زکریا یونیورسٹی' خان ویلج' نیو ملتان' حرم گیٹ' مشتاق سنٹر وغیرہ۔ ان کے علاوہ تنظیم اساتذہ کے زیر اہتمام مختلف پروگراموں میں خطاب فرمایا۔ اس طرح ڈاکٹر طاہر صاحب کے علاوہ محمد سلیم اختر' محمد زاہد' چوہدری محمود الٰہی صاحب' محمد عطاء اللہ اور سعید اظہر عاصم صاحب بھی اپنے اپنے حلقہ احباب میں دروس دیتے رہے ہیں۔

## نظام خطاب جمعۃ المبارک:

انجمن کی جامع مسجد قرآن اکیڈمی میں تیرہ سال سے خطبہ جمعہ کا نظام قائم و دائم ہے۔ الحمدللہ ملتان کے کثیر تعلیم یافتہ افراد یہاں نماز جمعہ پڑھنے آتے ہیں۔ حاضری اوسطاً 250/200 کے قریب ہوتی ہے۔ خطاب جمعہ کے فرائض ڈاکٹر محمد طاہر خاکوانی اور سعید اظہر عاصم ادا فرما رہے ہیں۔ خطاب جمعہ میں فکر قرآنی اور اسلام کے انقلابی تصور کو لوگوں کے سامنے پیش کیا جاتا ہے۔ نماز جمعہ میں ہر طبقہ فکر سے لوگ ذوق و شوق سے شریک ہوتے ہیں۔

© rasailojaraid

## نماز جمعہ میں مکتبہ کا سٹال:

ہر جمعہ کو نماز کے دوران انجمن کی شائع کردہ کتب کا سٹال لگایا جاتا ہے' جہاں پر میثاق' حکمت قرآن' ندائے خلافت اور CDs وغیرہ بھی فروخت کی جاتی ہیں۔ اس کے علاوہ انجمن کی لائبریری سے بذریعہ آڈیو ویڈیو کیسٹس لوگ استفادہ کر رہے ہیں۔

## خطبہ نکاح کی تقاریب:

اصلاح معاشرہ اور رسوم کی اصلاح میں بھی انجمن کا ادارہ خدمات سرانجام دے رہا ہے۔ الحمدللہ ہماری جامع مسجد اس حوالہ سے مشہور ہے۔ یہاں دوران سال کئی محافل نکاح کا مسنون طریقہ سے انعقاد ہوتا رہا ہے۔ نکاح کے موقع پر ڈاکٹر طاہر خاکوانی صاحب اصلاح رسومات کے موضوع پر خطاب فرماتے ہیں۔

## حلقہ درس قرآن خواتین:

خواتین کے حلقہ میں بھی درس قرآن کا حلقہ قائم ہے۔ ہر ماہ کے پہلے سوموار کو عصر تا مغرب ایک

© rasailojaraid

عمومی درس قرآن کا پروگرام ہوتا ہے جس میں 25/30 کے لگ بھگ خواتین شریک ہوتی ہیں۔اس پروگرام میں درس قرآن کے فرائض پروفیسر صغریٰ خاکوانی صاحبہ ادافرماتی ہیں۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ہمیں اپنے دین کی نشرواشاعت، دعوت وتبلیغ اور اقامت کے لئے وقف کردے اور ہماری سرگرمیوں کو اپنی جناب میں شرف قبولیت عطافرمائے۔آمین!

☆☆☆

# انجمن خدام القرآن فیصل آباد

انجمن خدام القرآن فیصل آباد کے صدر ڈاکٹر عبدالسمیع صاحب اپنی بیرون ملک مصروفیات کی وجہ سے زیادہ عرصہ فیصل آباد میں نہ تھے۔ ان کی غیر موجودگی میں محمود اختر خواجہ صاحب نے قائم مقام صدر کی ذمہ داری نبھائی۔ اس دوران الحمدللہ مجلس شوریٰ اور عاملہ کے اجلاس باقاعدگی سے ہوئے۔

© rasailojaraid.c

## (۱) درس قرآن :

ہفتہ واردرس قرآن ہر جمعہ B-523 مسجد العزیز پیپلز کالونی نمبر 1 میں اور ہراتوار بعداز نماز مغرب کریم ٹاؤن میں منعقد ہورہا ہے۔مدرس کی ذمہ داری سید کفیل احمد ہاشمی صاحب اور رشید عمر صاحب نبھا رہے ہیں۔قرآن اکیڈمی میں ہراتوار بعدازنماز مغرب پروفیسر خان محمد صاحب درس قرآن مجید دیتے ہیں۔اس کے علاوہ روزانہ نماز فجر کے بعد مختصر درس بھی دیا جارہا ہے۔

## (۲) دورۂ ترجمہ قرآن :

ہر رمضان المبارک کی طرح اس بار بھی دورۂ ترجمہ قرآن کی محافل منعقد ہوئیں۔اس سال یہ پروگرام چار مقامات پر مکمل کیا گیا۔حاضری 10 سے 70 تک رہی۔آئندہ کے لئے طے کیا گیا کہ ایک یا دو مقامات پر ہی توجہ مرکوز کی جائے گی۔

## (۳) جرائد کا اجراء :

انجمن کے اراکین کو اعزازی طور پر حکمت قرآن کا اجراء رہا۔اس کے علاوہ میثاق، ندائے خلافت اور حکمت قرآن کے پرچے ہر درس کے موقع پر فروخت کے لئے موجود رہے۔

## (۴) مکتبہ :

مکتبہ سے اس سال 204,545 کی کتب، D's اور کیسٹیں فروخت ہوئیں۔آڈیو کیسٹ

© rasailojaraid.c

ریکارڈنگ سے تقریباً چار ہزار کیسٹیں ریکارڈ کر کے دی گئیں۔

**(۵) ممبر شپ میں اضافہ:**

حلقہ محسنین میں 2، حلقہ مستقل ارکان میں 2 اور عام ارکان میں 4 کا اضافہ ہوا۔

**(۶) زیر تعمیر قرآن اکیڈمی:**

تعمیر کا کام جاری ہے۔بیسمنٹ میں دفاتر، لائبریری اور رہائش کے لئے تین کمرے تعمیر کئے گئے ہیں۔مسجد کی تعمیر جاری ہے۔اب تک تقریباً چالیس لاکھ روپے خرچ کئے جا چکے ہیں۔

☆☆☆

# انجمن خدام القرآن سرگودھا

انجمن خدام القرآن سرگودھا کا حالیہ سال 2002-03ء سابقہ سال سے کافی بہتر رہا۔ محدود ذرائع و وسائل کے باوجود انجمن کا تعارف علاقہ میں بتدریج بڑھ رہا ہے۔ گو اس کے معروف ہونے کی رفتار اب بھی مطلوبہ معیار سے بہت کم ہے لیکن اس سال کے پروگراموں کا احوال آئندہ سال کے لئے بہتری کی نوید لگتا ہے (ان شاء اللہ)۔ ذیل میں ایک اجمالی جائزہ پیش کیا گیا ہے۔

حلقہ خواتین میں تنظیم کی ... ہی سینئر اور ابتدائی دور کی رفیقہ محترمہ مس جمشید صاحبہ کی کوشش سے ایک مختصر لیکن مست... ...تہ درس قائم ہے جبکہ گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج میں درس قرآن کا پروگرام کئی سال سے با قاعدگی سے چل رہا ہے۔

**دورۂ ترجمہ قرآن حکیم:**

سابقہ سے تسلسل کے طور پر امسال بھی رمضان المبارک میں دورۂ ترجمۂ قرآن کا اہتمام کیا گیا۔اس مرتبہ ہر آیت کے ترجمہ و تفصیل کی بجائے خلاصے پر اکتفا کیا گیا اور قرآن پاک کے صرف حرکی و انقلابی پہلو کو نمایاں کرنے کی کوشش کی گئی جس کے نتیجے میں روزانہ کا دورانیہ بھی ساڑھے تین گھنٹے سے کم ہو کر ڈھائی گھنٹے رہ گیا اور سامعین کی تعداد میں بھی اضافہ ہوا۔صدر انجمن محترم ڈاکٹر عبدالرحمٰن صاحب مدرس تھے۔

**اعتکاف کا پروگرام:**

ڈاکٹر عبدالرحمٰن صاحب کی کوششوں سے اس مرتبہ جامع القرآن مسجد میں اعتکاف کا

© rasailojaraid
© rasailojaraid

اہتمام بھی کیا گیا اور معتکفین کی تربیت کا خصوصی پروگرام بنایا گیا تا کہ فارغ اوقات کو دین کے فکر کو اجاگر کرنے، رجوع الی القرآن کی ترغیب وتشویق اور روزمرہ پیش آمدہ دینی مسائل سے آگاہی کے لئے استعمال کیا جا سکے۔ اس کورس سے دس کے قریب لوگ مستفید ہوئے۔

## باقاعدہ درس قرآن کے حلقے:

(1) پندرہ روزہ درس قرآن مسجد القبا رحمان پورہ میں بعد از نماز عشاء باقاعدگی سے چل رہے ہیں، جس میں مدرس کی ذمہ داری ڈاکٹر عبدالرحمٰن صاحب ادا کرتے ہیں۔

(2) ہر ہفتہ میں تین دن (سوموار، منگل، ہفتہ) بعد از نماز عشاء مسجد النور نیو سیٹلائیٹ ٹاؤن میں درس قرآن باقاعدگی سے چل رہا ہے جس میں مدرس ملک خدا بخش صاحب ہیں۔

(3) روزانہ درس قرآن بعد از نماز فجر مسجد جامع القرآن میں باقاعدگی سے ڈاکٹر عبدالرحمٰن صاحب دیتے ہیں۔

© rasailojaraid.c

## رجوع الی القرآن کے دعوتی پروگرامز:

مختلف اوقات میں شہر کے مختلف علاقوں میں رجوع الی القرآن کی ترغیب کے لئے دروس قرآن کا اہتمام کیا جاتا رہا ہے۔ ان میں زیادہ نمایاں اور حوصلہ افزا پروگرام بخشی کالونی کا پروگرام ہے۔ اس کے علاوہ نذیر کالونی میں، شیرازی پارک اور کوٹ فرید میں متعدد پروگرامز ہوئے جن میں خورشید الحسن صاحب کی جدوجہد قابل ستائش رہی اور حاضرین کی تعداد بھی حوصلہ افزا رہی۔ ان پروگراموں میں بھی مدرس کی ذمہ داری محترم ڈاکٹر عبدالرحمٰن صاحب نے سنبھالے رکھی۔ ان میں سے چند ایک پروگراموں میں پردے کا خصوصی انتظام کر کے خواتین کو بھی دعوت دی گئی اور ان کی حاضری بھی ٹھیک رہی۔

## گورنمنٹ ہائی سکول سرگودھا:

(i) ہفتہ بھر کا ایک خصوصی پروگرام جناب حافظ محمد ریاض صاحب پرنسپل ادارہ ہذا کے تعاون سے چلا جس میں سینئر اساتذہ 150 کے قریب شریک رہے اور باقاعدگی سے شمولیت کرتے رہے۔

(ii) جون 2003ء میں ایک تعلیمی تربیتی کورس ادارہ ہذا میں ہوا جس میں ضلع بھر کے ہیڈ ماسٹرز، سینئر سائنس ٹیچرز وغیرہ تقریباً 1200 کی تعداد میں شامل تھے۔ وہاں ایک درس روزانہ

© rasailojaraid.c

کا اہتمام کیا گیا جس میں ڈاکٹر عبدالرحمٰن صاحب نے بڑی محنت اور لگن سے مدرس کی ذمہ داری نبھائی۔ اس پروگرام سے ان شاء اللہ انجمن کی دعوت کو تقویت پہنچنے کی بہت امید ہے۔

## حسن قراءت:

دینی مدارس کے جوان طلبہ کے لئے ایک حسن قراءت کا مقابلہ کروایا گیا جس میں قریب 25 مدارس سے طلبہ نے حصہ لیا۔ اول، دوم، سوم آنے والوں کو خصوصی انعامات دینے کے علاوہ تمام حصہ لینے والے بچوں کی حوصلہ افزائی کے لئے انعامات دیئے گئے۔

## عربی لینگو یج کورس:

رفقاء تنظیم وانجمن کی تربیت کے نقطہ نظر سے جون تا اگست 2002ء چار ماہ پر محیط ایک عربی لینگویج کورس کا اہتمام کیا گیا۔ اس پروگرام میں شروع میں تقریباً دس افراد نے حصہ لیا جبکہ چھ افراد نے اسے باقاعدگی اور لگن سے تکمیل تک پہنچایا۔ مدرس کی ذمہ داری سرگودھا کے ایک معروف جامعہ کے قابل استاد نے نبھائی۔

## عربی گرامر خط وکتابت کورس:

انجمن کے باقاعدہ اور فعال رفقاء کو قرآن فہمی کی استعداد بڑھانے کے لئے خط و کتابت کے ذریعے گرامر کورس کی ترغیب دی گئی جس میں 10 رفقاء شریک ہوئے اور اجتماعی مطالعہ کا بندوبست کیا جاتا رہا تاکہ زیادہ سے زیادہ استفادہ کیا جاسکے۔

## اصلاح رسوم وخطبہ نکاح:

1974ء میں بانی تنظیم اسلامی جناب ڈاکٹر اسرار احمد نے اپنے بھائی کا نکاح توکلی جامع مسجد ہری پورہ سرگودھا میں منعقد کر کے اس سنت کو زندہ کیا تھا۔ ایک مدت کے بعد 1997ء میں اسی مسجد میں انجمن خدام القرآن کے معتمد کے بیٹے کیپٹن عامر کے نکاح سے تجدید کی گئی۔ اس کے بعد انجمن ہی کے ناظم مال کی بیٹی کا نکاح مسجد میں ہوا اور اس سال ڈاکٹر عبدالرحمٰن کی کوششوں سے تین عدد نکاح اسی سنت کے تحت ادا کئے گئے۔ عبدالرحمٰن صاحب خود ہی یہ ذمہ داری نبھا رہے ہیں۔ اگست کے اخیر میں ایک فوجی آفیسر کا نکاح ان شاء اللہ انجمن خدام القرآن کی جامع القرآن مسجد میں ہونا طے پایا ہے۔ دعا ہے کہ یہ سنت اور اس سنت کے موقع

© rasailojaraid.
© rasailojaraid.

پر لوگوں کو اصلاح رسوم کی ترغیب کا کام جاری رہے۔ (آمین)

**نظم انجمن:**

جون 2003ء میں انجمن کی نئی انتظامیہ کا انتخاب ہوا جس میں صدر ڈاکٹر جاوید اقبال صاحب، معتمد عمومی ڈاکٹر شیخ رفیع الدین صاحب، ناظم مال مہر اللہ یار خان صاحب اور ناظم مکتبہ ولائبریری فاروق عمر صاحب کا انتخاب عمل میں لایا گیا۔

**توسیع مسجد:**

اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے مسجد جامع القرآن کے لئے قریباً تین مرلہ جگہ مزید خریدی گئی ہے جس کی وجہ سے مسجد کی توسیع ہوئی اور نمازیوں کے لئے مزید وسیع جگہ دستیاب ہوگئی۔

**لائبریری:**

لائبریری میں اس وقت کتب کی تعداد 1179 ہے جس میں ڈاکٹر اسرار احمد کی کتب کے علاوہ دوسرے معروف مصنفین کی کتب بھی موجود ہیں۔ سال رواں میں 188 کتب جاری ہوئیں۔

**کیسٹ لائبریری:**

لائبریری میں کل 476 آڈیو اور 142 ویڈیو کیسٹیں ہیں۔ سال رواں میں 174 آڈیو اور ویڈیو کیسٹیں جاری کی گئی۔

☆☆☆

# انجمن خدام القرآن سرحد پشاور

انجمن خدام القرآن سرحد کی سالانہ کارکردگی مختصر طور پر درج ذیل ہے۔

(1) انجمن کے زیر اہتمام ڈاکٹر اسرار احمد صاحب کا خطاب پشاور میں نئے بنائے گئے اوقاف آڈیٹوریم میں مورخہ 02-10-21 کو ہوا۔ موضوع تھا ''امت مسلمہ کی اصل ذمہ داری امر بالمعروف ونہی عن المنکر''۔ اس خطاب کو تقریباً 250 افراد نے سنا۔ اس موقع پر مکتبہ بھی لگایا گیا۔ جس میں تقریباً -/2000 روپے کی کتب فروخت ہوئیں۔

(2) ماہ رمضان کے دوران دورۂ ترجمہ قرآن کا اہتمام کیا گیا۔ جس میں حافظ روح الامین

© rasailojaraid.c
© rasailojaraid

صاحب نے تراویح اور ترجمہ کی ذمہ داری نبھائی۔ یہ پروگرام دفتر انجمن خدام القرآن میں ہوا۔

(3) جون 03ء میں تنظیم اسلامی کے مدرسین کی تربیت گاہ کا انعقاد میاندم سوات میں انجمن کے تعاون سے ہوا۔

(4) تنظیم اسلامی کے ایک رفیق نے افغانستان میں ثانوی اور متوسط درجے کے طالب علموں اور اساتذہ کے لئے گرمیوں کی چھٹیوں میں اسلامی تربیت کی تدریس کا پروگرام تیار کیا تھا۔ اس کے انعقاد میں انجمن خدام القرآن سرحد کی طرف سے تعاون کیا گیا۔ اور ان کی ضروریات مثلاً بیٹھنے کے لئے صفیں، پانی سٹور کرنے کے لئے ڈرم، پانی پینے کے لئے جگ گلاس بالٹی اور لکھائی کے لئے تختیاں اور دیگر ضروری اشیاء مہیا کی گئیں۔

(5) اس سال کے دوران انجمن کے مکتبہ سے تقریباً 25 ہزار روپے کی کتب وکیسٹس اور سی ڈیز فروخت ہوئیں۔

© rasailojaraid.c

حکمت و احکامِ جمعہ VCD

فضیلتِ جمعہ، احکامِ جمعہ اور مسائلِ جمعہ

مقرر: ڈاکٹر اسرار احمد

(بانی تنظیم اسلامی)

اب ایک سی ڈی میں دستیاب ہے

قیمت فی سی ڈی =/40 روپے

ملنے کا پتہ: مکتبہ مرکزی انجمن خدام القرآن

36 کے ماڈل ٹاؤن، لاہور۔ فون: 03-5869501

www.tanzeem.org e-mail: info@tanzeem.org

© rasailojaraid.c